ان من الشعر لحکمۃ وان من البیان لسحرا

الحمد للہ کہ این نسخہ بےنظیر در نعت حضرت بشیر و نذیر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تصنیف سخنور

دقائق آگاہ حضرت الحاج خطیب قادر بادشاہ صاحب بادشاہ رئیس وانمباڑی نور اللہ مرقدہ

مسمی بہ اسم تاریخی

مدح پیغمبر الٰہ

۱۳۴۲

باہتمام خاکسار خطیب محمد عبدالحمید کان اللہ لہ فرزند مصنف مرحوم و مغفور

نمبر ۷۸ کوچہ گنگا مدراس

سنہ ۱۹۲۴ء

در مطبع نامی مدراس جلوہ ظہور نمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہوا ہوں بلبل شیدا ریاض حمد سبحاں کا
بھرا کرتے ہیں حوران جناں دم میری الحان کا

لکھوں گر وصف اک ذرہ بھی اسکے مہر احساں کا
دکھادے صفحۂ تحریر جلوہ مشرقستاں کا

ہے واجب گرچہ ہر ممکن پہ حمد اس ذات واجب کی
مگر اس عالم امکاں میں ہے کون ایسے امکاں کا

لہو روتا رہا عشق لب رنگین حضرت میں
اُتارا پانی آنکھوں نے مری لعل بدخشاں کا

مثال صبح صادق دین اسکے سے ہوا روشن
وگرنہ اور ہی عالم تھا عالم کے شبستاں کا

رہیں جب تک زباں مدحت میں اس بحر شفاعت کے
خطر کیا کشتی امت کو ہو محشر کے طوفاں کا

دلاے آل واصحاب محمد جان دیتی ہے
نہ کیوں دم انکی الفت کا بھرے ہر دم مسلماں کا

کدورت گر دوئی کی پاک ہو آئینۂ دل سے
نظر پیرا ہو جلوہ صاف یکتائی جاناں کا

ہرن چشم تصور سے ہوا ہے شوق نظارہ
کرے کیا شوق مجنوں سیر وحشت کے بیاباں کا

پس مردن غم کیونکر روح کو ہو چاہ قالب کی
ہمیشہ مصر میں بھی دھیان تھا یوسف کو کنعان کا

رسائی طبع موزوں کو عطا ہو اسقدر یارب
کلام **بادشہ** مطبوع ہو ہر اک سخنداں کا

مشتاق ہوں میں اسلئے حسن وجمال کا
ہے نام خود جمیل مرے ذوالجلال کا

یوں ہی جو ذوق وشوق ہو اسکے وصال کا
پھر چاہ ہر ایک حال میں ہو سیر قال کا

مختار میرے غیب وشہادت کا ہے وہی
میں معتقد نجوم کا ہوں اور نہ فال کا

بے انتہا دئیے ہیں ہمیں اسنے نعمتیں
محتاج اسکا لطف نہیں ہے سوال کا

ایسے نبی کا ہمکو بنایا ہے امتی
پیدا کیا کسی کو نہ جسکی مثال کا

تھا وہ بشر مگر نہ ہمارے سا تھا بشر
گوہر کے روبرو نہیں رتبہ سفال کا

ساری فضیلتوں کا تھا جامع وہ شاہ دیں
باقی رہا نہ ایک بھی درجہ کمال کا

کردیگا سرد آتش عصیاں تو کیا عجب
میری جبیں پہ ہے جو عرق انفعال کا

مشغول حمد و نعت میں اے **بادشہ** رہو
زیور یہی ہے شاہد علم و کمال کا

نہیں جز نعت نبی لطف ہے گویائی کا
سب سے بہتر ہے یہ موقع سخن آرائی کا

دیکھے عالم جو ترے روضہ کے زیبائی کا
عمر بھر دل رہے حیرت میں تماشائی کا

غافلو عشق پیمبر کو سمجھتے کیا ہو
پہلا زینہ ہے یہی حق کی شناسائی کا

آنکھ سے دیکھ لیا روضۂ حضرت میں نے
مدعا ہو گیا حاصل مری بینائی کا

پھر مدینہ میں دوبارہ مجھے بلوا لیجے
یا نبی اب نہیں یارا ہے شکیبائی کا

عشق لیلیٰ ہے وہاں عشق پیمبر ہے یہاں
قیس کسطرح ہو ہمسر ترے سودائی کا

سجدہ گر غیر خدا کیلئے جائز ہوتا
فخر کرتا میں ترے در کی جبیں سائی کا

رشک ہر وقت کیا کرتی تھیں نسوان قریش
تھا مقدر میں حلیمہ کے شرف دائی کا

حشر تک عشق پیمبر ہے رفیق دل وجاں
گور میں بھی مجھے کچھ غم نہیں تنہائی کا

ہو گی توحید پہ کسطرح سے غالب تثلیث
ادعا ہے یہ غلط مذہب عیسائی کا

شاعرو تمکو ان اشعار سے کیا نفع ملے
عشق فرضی میں نہیں نام ہے سچائی کا

بادشہ نزع میں تم کلمۂ طیبہ پڑھ لو
کھو نہ بیٹھو کہیں قابو ہے یہ دانائی کا

کرتا ہوں رقم وصف رخ سرور دیں کا
عالم مرے قرطاس پہ ہے ماہ مبیں کا

مسجود ملایک ہوئے آدم تو عجب کیا
تھا نور نبی نور جو تھا ان کی جبیں کا

محبوب زلیخا وہ یہ محبوب الٰہی
یوسف کو ہے اعزاز کہاں اس شہ دیں کا

کیا کھوئی ضلالت دل کفار کی تونے
دوزخ کو بنایا ہے چمن خلد بریں کا

کیسا بھی وہ عاصی ہو مگر وقت شفاعت
نکلے نہ کبھی منہ سے ترے لفظ نہیں کا

بہتر مجھے شاہی سے ہے اس در کی گدائی
خواہاں ہوں میں افسر کا نہ مشتاق نگیں کا

اسلام میں اور کفر میں بس فرق یہی ہے
ظلمت وہ ضلالت کی ہے یہ نور یقیں کا

ای بادشہ ہیچداں وصف پیمبر

کیا باعث فرحت ہے مری جانِ حزیں کا

یا نبی جلوہ دکھا دو عارضِ پُر نور کا
بھول جائیں حضرت موسیٰ بھی عالم طور کا

عاصیو درمان کرو تم جرم کے ناسور کا
صبح یثرب میں ہے عالم مرہم کافور کا

وصف لکھتا ہوں نبی کے حسن کا میں کیا عجب
دائرہ ہر حرف کا حلقہ ہو چشم حور کا

سارے ہوشیاروں کو قرباں کیجئے اس مست پر
کیا مقدر ہے تمھارے عشق کے مخمور کا

شوق یثرب اور ہے خوف سفر کچھ اور ہے
شہد کے طالب کو بیجا ہے خطر زنبور کا

راز اس کا حق ہی جانے حق مگر کہتے ہیں ہم
شہرہ دنیا میں ہے نفخ صور تک منصور کا

کیا مصفا مسند نبوی ہے جسکے وصف کو
آئینہ کاغذ ہو خامہ چاہئے بلور کا

جب شفاعت کی تمھاری دھوم محشر میں مچے
کیوں نہ دل اُچھلے خوشی سے خاطر رنجور کا

شاعرو للہ فرضی عشق بازی چھوڑ دو
میں موافق ہو نہیں سکتا ہوں اس دستور کا

عشق جو سچا ہے مثل روز روشن ہے عیاں
عشق فرضی تو نمونہ ہے شب دیجور کا

آستان مصطفےٰ کا ہوں گدا ای بادشاہ
میرے آگے کیا ہے رتبہ قیصر و فغفور کا

ہوں شیفتہ لقائے رسالت مآب کا
جلوہ ہے داغ دل میں مرے آفتاب کا

یاد آ رہا ہے وہ گل عارض جناب کا
آنسو کو میرے آج ہے رتبہ گلاب کا

نشہ ہے مجھکو عشق نبی کے شراب کا
عالم ہے منکروں کے دلوں پر کباب کا

جرم و گناہ میرے بھلا کس حساب میں
میں ہوں غلام شافع یوم الحساب کا

نوبت زوال کفر کی پہنچی کہاں کہاں
ڈنکا بجا ہے دین کے حبیب عجب و اب کا

سیماب پارہ پارہ ہو غیرت سے کیا عجب
ہجر نبی میں ہے وہ سماں اضطراب کا

ہم کسکے امتی ہیں اے دوزخ تو غور کر
وہ اور ہونگے خوف ہو جنکو عذاب کا

شیریں ہوا ہے چاہ الس کا وہ آب شور
ادنیٰ سا یہ اثر تھا نبی کے لعاب کا

افسوس بحر حرص و ہوا میں ہیں غرق ہم
ہے زندگی ہماری نمونہ حباب کا

لکھو بیتیں اور لکھیں شوخیہ غزل
ای بادشہ یہ کام نہیں ہے ثواب کا

عشق رخ سرور ہے جو ماوا میرے دل کا
ہے غیرت خورشید تجلا میرے دل کا

ذکر لب معجز ہے مسیحا میرے دل کا
زندہ ہو نہ کسطرح یہ مردہ میرے دل کا

کیونکر نہ مٹے حشر میں دھڑکا میرے دل کا
ہے نام پیمبر جو وظیفہ میرے دل کا

جا پہنچوں مدینہ ہے ارادہ میرے دل کا
ہر دم ہے تقاضا یہی میرے دل کا

عالم ہے ہر اک دل سے نرالا میرے دل کا
جز نعت نبی دل نہیں لگتا میرے دل کا

الحمد الٰہی ہے دگر نعت نبی ہے
وہ راحت جاں ہے یہ سہارا میرے دل کا

رویا میں کبھی دیکھا نہیں میں نے رخ احمد
ہے ہے ابھی سوتا ہے نصیبا میرے دل کا

پروانہ یہ دنیا کی ہوا ای شمع رسالت
ہو جائے فدا تجھپہ پتنگا میرے دل کا

سرسبز ہے دل میں جو ترا نخل محبت
محشر میں ملیگا مجھے ثمرہ میرے دل کا

عصیاں سے بچا بادشہ ہیچداں کو

اب تو ہی نگہباں ہے خدایا میرے دل کا

گر نہ دیدار نبیؐ مجھکو لے رضواں ہو گا
باغ فردوس مرے حق میں بیاباں ہو گا

شاد و خرم ترے عارض سے مسلماں ہوگا
دیکھے گر زلف کو کافر تو پریشاں ہو گا

شمع پر ہوتا ہے پروانہ فدا عالم میں
تیرا پروانہ ہر اک شمع کا ارماں ہو گا

لب جاں بخش سے پڑ جائے اگر تیرا لعاب
کیوں نہ ہر چشمہ یہاں چشمۂ حیواں ہو گا

اسلئے خلد میں حاجت نہیں مہر و مہ کی
رخ پر نور وہاں تیرا درخشاں ہو گا

لب رنگیں کے تصور میں ہے آنسو جاری
دُرِ غلطاں یہ ہر اک لعل بدخشاں ہوگا

تیرے ہونیسے ہی سب کچھ یہ ہوا ہے ورنہ
آسماں ہوگا زمیں ہوگی نہ انساں ہو گا

تیرے رخسار مصفا کا اگر وصف کہوں
دل آئینہ بھی ہر آئینہ حیراں ہو گا

بادشہ عشق ہے اس مہر رسالت کا مجھے
دل نہ اک ذرہ قیامت میں ہراساں ہوگا

کسی سے وصف شاہ انبیا کا ہو نہیں سکتا
کبھی قطرہ کے منہ سے وصف دریا ہو نہیں سکتا

رخ حضرت سے ای شمس و قمر تشبیہ کیونکر دوں
کرو تم لاکھ بھی منت یہ اصلا ہو نہیں سکتا

تن اقدس پہ زیبا خلعت ختم رسالت ہے
قسم حق کی قیامت تک بھی تم سا ہو نہیں سکتا

تمھاری قدر و عزت کا مدارج کا مراتب کا
بجز اللہ کے کوئی شناسا ہو نہیں سکتا

یہاں محبوب حق ہے اور وہاں سب حور و غلماں ہیں
مدینہ سے کبھی فردوس اچھا ہو نہیں سکتا

ڈلاتے خوف کیوں ہو واعظو تم روز محشر کا
شفیع المذنبیں کیا اپنا ملجا ہو نہیں سکتا

بتوں پر سب فدا ہیں میں فدا اپنے پیمبر پر
کسی کا میرے دل پر کچھ اجارا ہو نہیں سکتا

نبی کے عاشقوں سے قیس ہمسر ہو یہ بیجا ہے
خذف پارہ کسی دن در یکتا ہو نہیں سکتا

ملا دے خاک میری بعد مردن خاک طیبہ سے
صبا کیا تجھ سے اتنا کام میرا ہو نہیں سکتا

ہے انکی اک نگاہ لطف کافی بادشہ مجھکو
جو ادنیٰ امتی ہوں کیا میں اعلیٰ ہو نہیں سکتا

ترے روضہ پر دوبارہ جو مرا قرار ہوتا
مری جان صدقہ ہوتی مرا دل نثار ہوتا

میں مدینہ جاکے آیا مرا مدعا نہ پایا
نہ تھے یہ نصیب میرے کہ وہاں مزار ہوتا

تری دید خواب میں بھی نہ ہوی مجھے میسر
مرا بخت خفتہ شاید نہیں ہوشیار ہوتا

کیا خاتم الرسالت تجھے خالق جہاں نے
تو نہ ہو جہاں میں کیونکر کوئی رہنمار ہوتا

کبھی آشکار ہوتی نہ خدا کی یہ خدائی
نہ ترا وجود اطہر اگر آشکار ہوتا

مری آنکھ کیوں نہ سمجھے اسے سرمۂ جواہر
ترے گور کا میسر جو مجھے غبار ہوتا

میں درود پڑھ کے ہر دم ترا نام لے رہا ہوں
یہ لحاظ میں نہ کرتا تو قصوروار ہوتا

تری ہجر کی مصیبت نہ اگر مجھے ستاتی
کبھی غمزدہ نہ ہوتا نہ تو بیقرار ہوتا

مجھے ہو یقین اسد دم ترے در پہ ہو رسائی
مری زیست کا اگر کچھ مجھے اعتبار ہوتا

دم گریہ وصف کرتا جو ترا ای بحر خوبی
مرا اشک قطرہ قطرہ دُر شاہوار ہوتا

تری اک نظر جو پڑتی ای سحاب لطف رحمت
مرا گلشن مقاصد ابھی پُر بہار ہوتا

نہ رہے اگر وہاں تو مجھے خلد ہے بیاباں
گل تر ہر اک وہاں کا مرے حق میں خار ہوتا

یہی فخر بادشہ کو دم باز پرس بس تھا
ترے خادموں میں شاہا جو مرا شمار ہوتا

دین متیں ہے پھیلا نزدیک و دور تیرا
گویا ہے ای پیمبر ہر جا ظہور تیرا

کفار و مشرکیں سب پچھتائینگے سراسر
جا و حشم جو دیکھیں روز نشور تیرا

قدرت سے ہے وہ خدا کی یہ فضل ہے خدا کا
پائینگے حسن کیونکر غلمان و حور تیرا

فعلی رضائی قولی سنت کے ہیں جو پیرو
لطف و کرم انہیں پر ہوگا وفور تیرا

ہیں صاف ترمبشر توریت اور انجیل
اور دے گیا ہے بیشک مژدہ زبور تیرا

تو خاتم الرسل ہے سردار دو جہاں ہے
رتبہ رقم کروں کیا میں ای حضور تیرا

شیدا نہ ہو جو تیرا مومن وہ کسطرح ہو
رکھتا ہے عشق دل میں ہر اک ضرور تیرا

تھا عرش رب ای موسیٰ معراج گاہ احمد
معراج گہ زمین پر تھا کوہ طور تیرا

دوزخ سے تو چھڑا کر جنت ہمیں دکھائے
ہوگا زبہر امت دل ناصبور تیرا

ای بادشہ شفیع محشر نبیؐ ہے اپنا
کیا غم ہے گر ہے بیحد جرم و قصور تیرا

یا نبی کس کے نہیں دل میں ہے ارماں تیرا
کون مداح نہیں صاحب ایماں تیرا

کون ہوں کیا ہوں کروں عشق کا دعویٰ کیونکر
عشق خود رکھتا ہے جب حضرت رحماں تیرا

حمد سے نعت یہی کہتی رہی صبح و مسا
حد نہیں سیری کوئی اور نہ پایاں تیرا

عاصیاں حشر میں یوں تجھکو پکار اٹھیں گے
اک وسیلہ ہمیں بس دین کے سلطاں تیرا

کسر شان اسکی ہے کسریٰ سے اگر نسبت دوں
فوقیت رکھتا ہے دارا پہ بھی درباں تیرا

وقف سب کچھ ہے یہ تیرے لئے ای عشق نبی
جسم تیرا ہے بجا نقد دل و جاں تیرا

کیوں سکندر بھی نہ ششدر رہو صفائی رخ سے
آئینہ رہتا ہے ہر آئینہ حیراں تیرا

مصر میں اس لئے کہلایا عزیز عالم
نور رکھتا تھا جبیں پر مہ کنعاں تیرا

نار گلزار بھلا کیوں نہ ہوئے ابراہیم
نور سے کسکے تھا عارض یہ درخشاں تیرا

فخر کرتے ہیں رسل فی ات معلّٰی پہ تری
یا نبی تجھپہ ہر اک وصف ہے نازاں تیرا

بلبل باغ مدینہ ہوں مجھے کیا پروا
ہو مبارک تجھے رضواں یہ گلستاں تیرا

بادشہ کو نہیں کونین میں کچھ خوف و ہراس
حشر میں ہاتھ مرا اور ہے داماں تیرا

مجھ سے رقم جو وصف شہ انبیا ہوا
ہر ایک حرف قابل صل علیٰ ہوا

پیرا تو گن جو عشق حبیب خدا ہوا
دل میرا گویا آئینہ رخ نما ہوا

میں دل سے آستان نبی کا گدا ہوا
نام اپنا بادشہ جو ہوا کیا بجا ہوا

جامع ہے تو جمیع فضایل کا یا نبی
تجھسا نہ دوسرا ہیں کوئی دوسرا ہوا

تیری نظر نے کردیا ذرہ کو آفتاب
قطرہ ترے کرم سے در بے بہا ہوا

تیرے سحاب فیض و ہدایت کا ہے طفیل
توحید کا ہے باغ جو پھولا پھلا ہوا

کرتا ہے قصد بلدۂ طیبہ جو دل مرا
رستا ہے شوق دو قدم آگے بڑھا ہوا

پیش خدا میں جاؤنگا محشر میں بادشاہ

نعت نبی کا ہاتھ میں دفتر لیا ہوا

ہجر احمد میں نہ پوچھو مجھ سے کیا جاتا رہا
صبر و استقلال کا بھی حوصلہ جاتا رہا

وائے ناکامی پڑے ہیں ہند میں مایوس ہم
سوئے طیبہ قافلہ پر قافلہ جاتا رہا

عشق احمد نے مٹایا دل سے میرے عشق غیر
آشنا قایم رہا نا آشنا جاتا رہا

نکہت مشک و گلاب اس راہ سے آتی رہی
جس گلی جس رہ سے شاہ انبیا جاتا رہا

ہم مدینہ تو گئے لیکن نہ اس جا مر مٹے
ہائے کیا پایا تھا ہم نے ہم سے کیا جاتا رہا

لطف شوق دید میں ہے آنکھ میری مبتلا
دیکھنا روضہ کا وہ صبح و مسا جاتا رہا

شرق سے تا غرب جب ڈنکا بجا توحید کا
زور کفر و شرک کا جاتا رہا جاتا رہا

کہتے تھے روح الامیں وقت وفات مصطفےٰ
لطف اس دنیا میں آنیکا جو تھا جاتا رہا

جب سے آنکھوں میں سمائی ہے مدینہ کی بہار
شوق اے رضواں مجھے فردوس کا جاتا رہا

سچی سچی مدح گوئی کا ہے چرچا پادشاہ
اب تو فرضی عشق بازی کا مزا جاتا رہا

رنگ نعت مصطفےٰ جسدم نمایاں ہوگیا
ہر سخن میرا گل گلزار رضواں ہوگیا

تیرے غم میں جو مثال ابر گریاں ہوگیا
واہ کیا سرسبز اسکا باغ ایماں ہوگیا

شوق دیدار پیمبر جب رقم کرنے لگا
صفحۂ قرطاس میرا نرگستاں ہوگیا

کعبہ میں پائی ہے میرے مردہ دل نے زندگی
آب زمزم مجھکو گویا آب حیواں ہوگیا

دولت دین نبی نے دی وہ قدر و منزلت
دہر میں ہر مور چہ شکل سلیماں ہوگیا

نوعِ انساں میں کیا خلاق نے پیدا مجھے
اشرف المخلوق جب سے نام انساں ہوگیا

بچ گئے نارِ جہنم سے مریضانِ فراق
سوزِ الفت تیرا انکے حق میں درماں ہوگیا

فتح گویا ہوگئی سب دشمنانِ دین پر
نفس سرکش پر اگر غالب مسلماں ہوگیا

مہر کے آگے نہیں جسطرح انجم کی ضیا
رتبہ یوں اگلے کتب کا پیش قرآں ہوگیا

میں جو سلطانِ رسل کے در کا ہوں ادنیٰ گدا
بادشہ میرا تخلص مجھکو شایاں ہوگیا

ہے تیری حشر میں امداد کیا کیا
ہوئے دوزخ سے ہم آزاد کیا کیا

منادی تونے کی توحید کی جب
مٹایا کفر اور الحاد کیا کیا

ہدایت سے ہوا معمور عالم
ضلالت ہوگئی برباد کیا کیا

بہارِ وحدتِ حق کا ہے جلوہ
ہے پھولا گلشنِ ایجاد کیا کیا

لکھا ہے میں نے وصفِ چشمِ سرور
ہے استادوں کا اسپر صاد کیا کیا

ہزاروں سیکڑوں امت میں تیری
ہوئے اقطاب اور اوتاد کیا کیا

نبوت کس کو ہے جن و ملک میں
معزز ہے یہ آدم زاد کیا کیا

طپاں ہوں غمزدہ ہوں مضطرب ہوں
تری فرقت کی ہے بیداد کیا کیا

دوبارہ جا کے جب پہونچوں مدینہ
کرونگا نالہ و فریاد کیا کیا

میں مداح نبی ہوں بادشہ آج
ملیگی شاعروں سے داد کیا کیا

اللہ اللہ حشر میں کس شان سے آئینگے آپ
رستگاری امت عاصی کو دلوائینگے آپ

کیسی ہمدردی نوازش کسقدر امت پہ ہے
گر نہ ہو ہمراہ یہ جنت میں کب جائینگے آپ

نور کے لیکر طبق وقت ولادت سب ملک
کہتے تھے اس دہر میں تشریف لائینگے آپ

خوش نصیبی پر مری کیا اس سے بڑھکر فخر ہو
اگر دوبارہ پھر مجھے یثرب میں بلوائینگے آپ

بیگماں حق کی اطاعت ہے اطاعت آپکی
گویا فرمان الٰہی ہے جو فرمائینگے آپ

کسکو تھا معلوم یوں ہوگی ضلالت کالعدم
اور یوں نور ہدایت اپنا چمکائینگے آپ

یا نبی ہے گلشن فردوس کو میر اسلام
خاک کو میری مدینہ میں جو پہنچائینگے آپ

رشک رخ سے آپکے خورشید ہوگا زرد رو
پارہ پارہ ہو قمر انگلی جو ہلائینگے آپ

جو مصدق آپکے ہیں خوش رہینگے حشر میں
جو مکذب ہیں وہ دل ہی دل میں پچھتائینگے آپ

پاک فرضی عشق سے ہے بادشہ کی شاعری
مجھ سے اے رنگیں مزاج لطف کیا پائینگے آپ

شب معراج ہے اے اہل نظر آجکی رات
کسقدر رحمت حق کا ہے اثر آجکی رات

پردۂ غیب سے ہر وقت صدا آتی ہے
ہو مبارک اے مسافر یہ سفر آجکی رات

کیا کرے سدرہ سے پرواز پر روح امیں
ہے پرے عرش کے حضرت کا گزر آجکی رات

سرنگوں کیوں نہوں انجم یہی کہتا ہے براق
پشت پر میری ہے اک رشک قمر آجکی رات

اک تجلی سے اُدھر طور پہ بیخود تھے کلیم
ہم کلامی ہوی خالق سے ادھر آجکی رات

خلق کیں خالق عالم نے بہت سی راتیں
رکھتی ہے ان میں مگر شان دگر آجکی رات

حوریں جنت میں فلک پر یہ ملک کہتے ہیں
صدقے تم پر ہیں دل و جان و جگر آجکی رات

قاب قوسین او ادنیٰ کا جو کچھ تھا مفہوم
ہے مکمل ہی شہ جن و بشر آجکی رات

نہ ملا ہے کسی مرسل کسی پیغمبر کو
تم نے پایا ہے جو کچھ عزو وقر آجکی رات

نہ فقط گلشن جنت کا کیا نظارہ
اہل دوزخ کی بھی لی تم نے خبر آجکی رات

نسبت وہ ہفتم جو رجب کی ہے مبارک تب ہے
طاعت حق میں رہیں تا بہ سحر آجکی رات

قدر کیا ہوگی صدف کی نہ ہو جب اس میں گہر
صدف ماہ رجب میں ہے گہر آجکی رات

پادشہ پاؤ گے کسطرح جزا کل کا دن
خواب غفلت میں اگر ہوگی بسر آجکی رات

کس کا ہے نام ورد زباں بار بار آج
میرا دہن ہے میری زباں پر نثار آج

نعت نبی پہ ہے مرا دار و مدار آج
صلِّ علیٰ کی کیوں نہ ہو جا بجا پکار آج

سینہ ہے میرا ہجر پیمبر سے داغ داغ
کیا خوشنما ہے میرے چمن کی بہار آج

جنت میں بھی کہوں گا تری دید بس مجھے
حور و قصور کا میں نہیں خواستگار آج

با صدق دل غلام شہ انبیا ہوں میں
کیا یہ زمیں فلک پہ ہے میرا وقار آج

لکھتا ہوں وصف نکہت گیسوئے مصطفیٰ
صدقے مرے سخن پہ ہے مشک تتار آج

امت یہی کہیگی قیامت میں یا نبی
تیرے سوا ہے کون ہمیں غمگسار آج

کیا جاؤں میں کب ہے مدینہ کا پھر سفر
حد سے گزر گیا ہے مرا انتظار آج

تعداد اہل فہم کی ان میں قلیل ہے
شاعر ہیں لیکن جہاں میں ہزاروں ہزار آج

مداح مصطفےٰ ہوں تخلص ہے بادشاہ
غیروں کی مدح سے ہے مجھے ننگ و عار آج

شوق دیدار نبی ساتھ رہا میرے بعد
گل نرگس مری تربت پہ کھلا میرے بعد

یا نبی داغ محبت ترا لیجاتا ہوں
بس ہے اس شمع کی مرقد میں ضیا میرے بعد

دست و پا میرے گناہوں کی گواہی دینگے
یہی دشمن ہیں مرے روز جزا میرے بعد

کہا حضرت نے کہ دنیا میں یہ چھوڑا دو چیز
ایک قرآن دگر آل عبا میرے بعد

یہی دو چیز تمھارے لئے ہیں حبل متیں
یہی دکھلائیں تمھیں راہ ہدیٰ میرے بعد

نیک اعمال فقط حشر میں کام آئیں گے
ہیں عبث قصر و مکاں سیم و طلا میرے بعد

خاک کو میری ذرا خاک مدینہ میں ملا
اتنا احسان کر اے باد صبا میرے بعد

میں اٹھوں حشر میں عشاق نبی کی صف میں
یہی کافی ہے مرے حق میں دعا میرے بعد

آہ کس درد سے فرمائینگے محشر میں نبی
میری امت ترا کیا حال ہوا میرے بعد

بادشہ فکر ہے کیا گر نہیں اب قدر سخن
خلق کو میرے سخن کا ہے مزا میرے بعد

بہتر ہے سب رسل سے عظمت تری پیمبر
اور افضل امم ہے امت تری پیمبر

کیونکر رکھیں نہ دل سے الفت تری پیمبر
ہے عین طاعت حق طاعت تری پیمبر

تو فخر دو جہاں ہے تو اشرف زماں ہے
جن و ملک کئے ہیں خدمت تری پیمبر

قہر و غضب سے حق کے بچتا نہ کوئی انساں
گر خلق پر نہ ہوتی رحمت تری پیمبر

جسطرح حق کی عزت تو خوب جانتا ہے
معلوم ہے خدا کو عزت تری پیمبرؐ

زیر لوا ہوں تیرے محشر میں انبیا جب
کیا کچھ عیاں نہ ہو گی شوکت تری پیمبرؐ

تھا ہیچ نزع تک بھی امت کی بیکسی کا
بھولی نہیں ہے جاتی شفقت تری پیمبرؐ

دنیا کے سب ہوس کو مثل نظر گرادوں
دیکھوں جو اک نظر میں تربت تری پیمبرؐ

بے چین دل کو میرے کیا چین کی ہے صورت
رویا میں بھی نہ دیکھی صورت تری پیمبرؐ

مدح و ثنا سے تیری مملو کلام رب ہے
اس بادشہ سے کب ہو مدحت تری پیمبرؐ

شیفتہ ہوں دل سے حسن احمد مختار پر
کب نظر میری پڑیگی اب کسی دلدار پر

داغہائے دل اُدھر آنکھیں ادھر ہیں اشکبار
سچ تو ہے بارش بھی ہونی چاہئے گلزار پر

جا پہنچتا اڑ کے طیبہ میں پیمبرؐ کے حضور
بازوؤں میں گر عطا کرتا خدا دو چار پر

شربت دیدار پلوا دو مسیحائی کرو
یا نبی کیجے کرم اس ہجر کے بیمار پر

شوق سے جب یا محمد کا کروں نعرہ بلند
زلزلہ ڈالوں زمیں پر دشت پر کہسار پر

ملک یثرب میں اگر آئے مجھے خواب اجل
میں کرونگا ناز اپنے طالع بیدار پر

دوست اور دشمن پہ تھی یکساں توجہ کی نظر
لطف تھا تیرا برابر یار پر اغیار پر

فر جمشیدی کو کیا سمجھیں غلامانِ نبیؐ
شوکت دارا فدا ہے آپکے دربار پر

وصف ہے توحید کا شایاں اگر حق کیلئے
ختم ہے شان رسالت سید ابرار پر

حسن اصلی کو ہے کیا زیور کی حاجت بادشاہ

سادگی کو فخر ہے بالکل مرے اشعار پر

رہوں میں بحرِ نعتِ مصطفیٰ سے آشنا ہو کر
مرا ہر اک سخن چمکیگا درِ بے بہا ہو کر

پڑا ہوں ہند میں اب میں مدینہ سے جدا ہو کر
یقیں ہے شوق پھر لیجائے مجھکو رہنما ہو کر

خیالِ گلشنِ یثرب رہیگا بعد مردن بھی
عجب کیا روح جا پہنچے وہاں بادِ صبا ہو کر

شرف پایا شبِ معراج سیرِ قاب قوسین کا
ہوا مقبول تجھ سا کون ختم الانبیا ہو کر

شبِ معراج پایا تو نے رتبہ قاب قوسین کا
گیا اور آگیا اک پل میں تو عرشِ علا ہو کر

اسی کا دھیان ہو دلمیں اسی کا ذکر ہو لب
رہوں تا مرگ یا رب محوِ عشقِ مصطفیٰ ہو کر

تصور میں گلِ رخسارِ حضرت کے جو رونا ہو
ٹپک پڑتے ہیں میرے اشک عطر موتیا ہو کر

تنِ مردہ میں مشتاقانِ حج کے جان آتی ہے
ملا ہے آبِ زمزم کیا انھیں آبِ بقا ہو کر

سماں اسوقت محشر میں رہیگا دید کے قابل
کھڑے ہیں جب سینکڑوں عاصی تر زیرِ لوا ہو کر

شفاعت کیلئے اک جنبشِ لب تیری کافی ہے
ہزاروں جائینگے جنت کو دوزخ سے رہا ہو کر

جہاں میں تیرے انوارِ ہدایت ہیں عجب پھیلے
ہر اک ذرہ درخشاں ہے یہاں شمس الضحیٰ ہو کر

کرو سچی محبت شاعرو تا نفع ہو تم کو
بھلا کیا پاؤگے عشقِ بتاں میں مبتلا ہو کر

خطاب بادشہ مشہور ہے میرا جو عالم میں
شرف پایا یہ میں نے کوئے احمد کا گدا ہو کر

زباں نعت کے ہے سنانے کے قابل
ہے دل نیہ قربان جانے کے قابل

بنانا تھا جیسا بنایا ہے حق نے
ہے پھر کون تجھسا بنانے کے قابل

شفاعت کے محتاج عاصی ہیں ورنہ — خدا کو ہیں کیا منہ دکھانے کے قابل

نبوت ہوئی ختم اب مثل تیرے — نہیں کوئی دنیا میں آنے کے قابل

پس ذات خالق ہو کچھ ہے بزرگی — فقط تو ہی تھا اس کے پانے کے قابل

نہوتا جو غیروں کو ممنوع سجدہ — ترا روضہ تھا سر جھکانے کے قابل

عبث دینداری کا دعویٰ ہے سبکو — بہت کم ہیں اس کے نبھانے کے قابل

تم اے شاعرو عشق فرضی کو چھوڑو — یہ ہرگز نہیں اس زمانے کے قابل

ضعیفی میں اے بادشہ غم یہی ہے
رہا میں نہ یثرب کو جانے کے قابل

عشق رسول پاک میں ہے بیقرار دل — ہے رشک لالہ زار مرا پر بہار دل

سردار مرسلیں پہ ہے میرا نثار دل — کعبہ سے عرش سے ہے فزوں باوقار دل

لگتا نہیں ہے دل مرا جز نعت مصطفےٰ — صدقے ہوں میرے دل پہ نہ کیوں ہوشیار دل

دنیا کی خواہشیں نہ مسخر کریں اسے — پہلو میں دیکھ لیتا ہوں میں بار بار دل

اعدا کو بد دعا کے عوض تو نے دی دعا — اللہ رے ترا وہ عطوفت شعار دل

اس دلکو نذر کرنیکے قابل ہے چیز کیا — امت کا نزع تک جو رہا غمگسار دل

کیونکر ہوں منکران نبی میرے روبرو — میدان عشق میں ہے مرا شہسوار دل

معدوم نیکیاں ہیں ہجوم گناہ سے — کیا لیکے جاؤں پیش خدا شرمسار دل

محکم رہیں جو عشق خدا و رسول میں — ڈھونڈھیں تو ایسے سو میں ملینگے دو چار دل

ہر آن تیرے شوق زیارت میں یا نبی
سیماب کی طرح ہے مرا بے قرار دل

یکساں فراق و وصل میں مضطر ہے بادشاہ
کیونکر قرار پائے گا یہ دلفگار دل

دہر میں آئے غم عشق نبی کھانے کو ہم
خلد میں جانے کو ہم ہیں نعمتیں پانے کو ہم

رکھتے ہیں سینے میں اپنے سکہ ہائے داغ عشق
نذر دربار نبی میں ساتھ لیجانے کو ہم

دل میں عشق مصطفیٰ ہی کب ہے اچھا دخل غیر
کسطرح کعبہ میں رکھیں آہ بتخانے کو ہم

تھی یہی حسرت ترے شمع مزار پاک پر
کاش کر دیتے تصدق دل کے پروانے کو ہم

خیر امت کا لقب ہم کو ہے ای خیر الوریٰ
خوش نصیبی پر ہیں اپنے خوب اترانے کو ہم

تو شفیع المذنبیں ہے ہم ہیں عاصی پر خطا
جز ترے کسکو سنائیں اپنے افسانے کو ہم

پیروی کرتے نہیں کچھ ترے قول و فعل کی
کیا فقط ہیں امتی دنیا میں کہلانے کو ہم

آفریں ہے جوش پر وحشت پہ اسکے مرحبا
سب سے دانا جانتے ہیں تیرے دیوانے کو ہم

ہم مدینہ تو گئے لیکن نہ اس جا مر مٹے
عمر بھر تقدیر پر ہیں اپنی پچتانے کو ہم

بادشہ عاجز نہ کرتا گر بصارت کا فتور
تھے بہت رنگ سخن عالم میں دکھلانے کو ہم

کہا روئے نبی نے گل سے خوشتر ہوں تو میں ہی ہوں
بیاں تھا زلف کا سنبل سے بہتر ہو تو میں ہی ہوں

جہاں میں محو وصف چشم سرور ہوں تو میں ہی ہوں
مثال نرگس شہلا جو ششدر ہوں تو میں ہی ہوں

ہے مملو گنج دل سرمایہ عشق پیمبر سے
جو سلطان غنی ہوں تو میں ہی ہوں تونگر ہوں تو میں ہی ہوں

میں صدقے اس زباں کے جس زباں سے تو نے فرمایا
شفیع المذنبیں حق سے مقرر ہوں تو میں ہی ہوں

ترے روئے منور کا پڑیگا عکس گر شانا
نہ کیوں آئینہ بول اٹھے سکندر ہوں تو میں ہی ہوں

رسالت کے سما کا مہر انور ہے تو ہی شانا
مثال ذرہ سب امت میں کمتر ہوں تو میں ہی ہوں

ذلیل و خوار ہوں لیکن محب سرور دیں ہوں
محبو عین لستی میں جو برتر ہوں تو میں ہی ہوں

رقم کرنے لگا جب شعر تیرے وصف دنداں میں
کہا ہر ایک مصرع سلک گوہر ہوں تو میں ہی ہوں

شہید و مجھکو محشر میں کیونکر سرخروئی ہو
شہید تیغ ابروئے پیمبر ہوں تو میں ہی ہوں

تمام اوقات میں اپنے کیا ضائع گناہوں میں
دو روزہ عمر پر اپنی ستمگر ہوں تو میں ہی ہوں

نبی کی نعت ہی اسی بادشہ ورد زباں جب سے
زباں بھی مجھ سے کہتی ہے سخنور ہوں تو میں ہی ہوں

موج ہوں سیل ہوں قلزم ہوں نہ دریا ہوں نہیں
ہاں مگر طبع رواں نعت میں رکھتا ہوں میں

طالب دید ہوں مشتاق ہوں شیدا ہوں میں
ہوں فقط اپنے نبی کا نہ کسی کا ہوں میں

روضۂ سرور دیں آنکھ سے دیکھا ہوں میں
چشم بد دور عجب مرتبہ رکھتا ہوں میں

دوستو چلئے ذرا دیکھئے یثرب کی بہار
تم نہ ہو جاؤ فدا اسپہ تو جھوٹا ہوں میں

قاب قوسین کے اسرار کہوں میں کیوں کر
چھوٹا منہ بات بڑی اسلئے ڈرتا ہوں میں

کیا جلائیگی تو اسی آتش دوزخ مجھکو
پہلے تو غور یہ کر امتی کس کا ہوں میں

کہا خالق نے کہ سب چاہتے ہیں میری رضا
یا نبی تیری رضا چاہنے والا ہوں میں

نہیں امید فقط حشر میں ہے مجھکو یقیں
بات بن جائیگی گو لاکھ بھی بگڑا ہوں میں

نظر آیا جو مدینہ کا مجھے گورستاں
دل لگا کہنے اسی موت پہ مرتا ہوں میں

بادشہ ہوں میں فقط ملک سخن کا اپنے
نہ فریدوں نہ سکندر ہوں نہ دارا ہوں میں

ہم عشق پیمبر کا اثر دیکھ رہے ہیں
بیتاب دل و جان و جگر دیکھ رہے ہیں

روضہ پہ تصدق ترے ہوتے ہیں ہمیشہ
گردش میں جو ہم شمس و قمر دیکھ رہے ہیں

پرتو ہے یہ شاید لب و دندان نبی کا
پتھر میں جو ہم لعل و گہر دیکھ رہے ہیں

اے مصحف رخسار نبی تیری بدولت
عشاق کا دل زیر و زبر دیکھ رہے ہیں

امت میں ہیں ہم شافع محشر کے وہ ہیں اور
جو نار جہنم کا ضرر دیکھ رہے ہیں

اللہ رے شادابی گلزار شریعت
ہر خار کو اب ہم گل تر دیکھ رہے ہیں

آتا ہے نظر جلوۂ توحید الٰہی
ہم چشم بصیرت سے جدھر دیکھ رہے ہیں

کب صاحب زر عازم حرمین ہوا ہے
بے زر کو مگر بستہ کمر دیکھ رہے ہیں

افسوس نہ کیوں فہم خلائق پہ ہو ہمکو
جب بے ہنری کو یہ ہنر دیکھ رہے ہیں

صد شکر ہے ہم بادشہ ہیچمداں کو
مداح نبی شام و سحر دیکھ رہے ہیں

خواہاں نہ فرضی حسن نہ فرضی تباں کے ہیں
وارفتہ ہم ازل سے شہ انس و جاں کے ہیں

محشر میں وہ شفیع تمام عاصیاں کے ہیں
غمخوار جملہ عاجز و بے چارہ گاں کے ہیں

سب کچھ طفیل رحمت عالم کا ہے یقیں
دنیا میں جو بنے ہمیں امن و اماں کے ہیں

ہمکو یہاں کے ذلت و عزت سے کام کیا
عزت کے خواستگار فقط ہم وہاں کے ہیں

لعل و گہر جواہر و زر سے ہیں قیمتی
الفاظ نعتیہ جو ہماری زباں کے ہیں

دل کو خیال اپنے نبی کا ہے ہر زماں
اور مشغلے زبان کو آہ و فغاں کے ہیں

طیبہ کے مدح خواں سے نہو ہمسری کبھی
ای واعظو جو مدح کناں تم جناں کے ہیں

دوزخ یہ گرمیاں تو کسی اور کو بتا
ہم امتی پیمبر آخر زماں کے ہیں

کہنے لگے ملک شب معراج یا خدا
کیا کیا تواضع آج تیرے میہماں کے ہیں

بلوا لو پھر دوبارہ مدینہ میں یا نبی
ارماں بہت یہ یادشہ خستہ جاں کے ہیں

جسکو تمہارے عشق کا دنیا میں غم نہیں
محشر میں شادماں وہ خدا کی قسم نہیں

مدحت سرا تمہارے فقط ایک ہم نہیں
سب ہم سے ہیں زیادہ کوئی ہم سے کم نہیں

کیونکر مثال زلف معنبر سے دیجئے
مشک ختن میں بو ہے مگر پیچ و خم نہیں

درگاہ ایزدی میں کسی کو جز آپ کے
یہ مرتبہ یہ فخر یہ جاہ و حشم نہیں

امی جو آپ کا ہے لقب کیا مضائقہ
کیا زیر حکم آپ کے لوح و قلم نہیں

کہتا یہی ہے بلبل دل پھول پھول کر
تربت ہے پُر فضا مجھے باغ ارم نہیں

مہتاب جسطرح نہیں خورشید کی مثال
خورشید مثل عارض شاہ اُمم نہیں

کیا جانے آپ کے قد والا کا مرتبہ
جو مثل سرو عشق میں ثابت قدم نہیں

کبتک رہے تمہاری زیارت سے بے نصیب

اس بادشہ پہ کس لئے لطف و کرم نہیں

اسلام کیا ہے دین ہے کیا کچھ خبر نہیں
دل میں اگر محبت خیر البشر نہیں

خالی کوئی زمین نہیں بحر و بر نہیں
امت نبی کی ہمکو بتاؤ کدھر نہیں

یثرب کو جاؤ راہ میں کوئی خطر نہیں
دنیا میں اس سفر سا مبارک سفر نہیں

ہیں مالا مال دولت عشق نبی سے ہوں
کیا غم ہے میرے پاس اگر سیم و زر نہیں

دونوں جہاں میں تیری طرح کوئی یا نبی
ہادی نہیں رسول نہیں راہبر نہیں

تیری ہی شان وہ ترے آگے کسی کو بھی
عظمت نہیں ہے جاہ نہیں ہے وقر نہیں

پہنچا ہے تو وہاں شب معراج یا نبی
جس جا پہ جبرئیل امیں کا گزر نہیں

سن سن کے مژدہ تیری شفاعت کا ہمکو اب
محشر کا خوف کچھ نہیں دوزخ کا ڈر نہیں

شیطاں کو کیوں نہ جنت دل سے نکال دوں
بدلہ اگر پدر کا نہ لے وہ پسر نہیں

دلچسپیاں ہیں ملک عدم کی عجیب تر
جاتے ہیں سب اُدھر کوئی آتا ادھر نہیں

آزاد جو ہیں دین سے کیا انسے نفع قوم
سرو چمن کو دیکھئے اس میں ثمر نہیں

کس منہ سے دعوی کیجئے اصلاح قوم کا
دل میں بہت ہے جوش زباں میں اثر نہیں

نیت اگر ہو خیر کی ہر طرح خیر ہے
عمدہ ترین بشر ہے وہی جس میں شر نہیں

پائی ہے ہم نے نعمت اسلام عمدہ تر
گو تیری نعمتوں کا الٰہی حصر نہیں

اشعار کیا سناؤ گے پیری میں بادشاہ
وہ دلفزا بہار نہیں وہ جگر نہیں

نبی کی مدح و ثنا بار بار کرتے ہیں
چمن کو دین کے ہم پر بہار کرتے ہیں

عطا کیا ہے خدا نے ہمیں رسول ایسا
کہ جس پہ سارے رسل افتخار کرتے ہیں

جنوں ہے عشق پیمبر کا مومنو ہمکو
ہم اپنا دامن دل تار تار کرتے ہیں

نہیں فلک پہ یہ پھرتے ہیں مہر و مہ دونوں
طواف روضہ کا با انکسار کرتے ہیں

ہمیں یقیں ہے کہ اعمال نیک عالم میں
پیادہ جو ہے اسے شہسوار کرتے ہیں

فرشتو چھوڑ دو امت میں ہوں محمدؐ کی
شمار کیوں مرا روز شمار کرتے ہیں

سلام جلد حضور نبی میں پہنچا دے
ترا ای باد صبا انتظار کرتے ہیں

نکالو فرضی محبت کو شاعرو دل سے
جو دیندار ہیں وہ اس سے عار کرتے ہیں

گیا وہ اگلا زمانہ وہ شاعری بھی گئی
قدیم طرز کو کیوں اختیار کرتے ہیں

سخن کا اور بہت ہی وسیع ہے میداں
امور فرضی پہ کیوں انحصار کرتے ہیں

اسی **بادشاہ** نہیں لطف طول گوئی میں
سخن کو اس لئے ہم اختصار کرتے ہیں

صفِ عشاقِ پیغمبر میں داخل ہم بھی ہوتے ہیں
فقط مضطر نہیں دل چشم اپنے نم بھی ہوتے ہیں

نہ جائیں خلد میں ہرگز نہ ہو ہمراہ گر امت
بھلا روز جزا ایسے کوئی ہمدم بھی ہوتے ہیں

ادھر ہے عالم دنیا ادھر ہے عالم عقبیٰ
یقیں ہے بہرہ ور تم سے یہ دو عالم بھی ہوتے ہیں

نہیں ہے اک رسالت کا شرف ذات محمد میں
خدا کے خاص وہ اسرار کے محرم بھی ہوتے ہیں

ہے یہ حکمت خدا کی پیروانِ ملتِ اسلام
کسی جا پر زیادہ ہیں کسی جا کم بھی ہوتے ہیں

احادیث نبی بہر ہدایت ہی نہیں ہرگز
وہی زخم دل عشاق کے مرہم بھی ہوتے ہیں

وہی مومن ہیں جو دل سے فدا ہیں نام حضرت پر
وہی احکام کی تعمیل میں محکم بھی ہوتے ہیں

ترا رتبہ ہے اعلیٰ اے سرشک عشق مصطفوی
کہاں تیرے مقابل کوثر و زمزم بھی ہوتے ہیں

یہی دین نبی کی ہے صداقت آ روبرو جس کے
ہزاروں سرکش و مغرور کے سر خم بھی ہوتے ہیں

جو سنتے ہیں کلام بادشہ وہ داد دیتے ہیں
وہ حاصل ذوق کرتے ہیں خوش و خرم بھی ہوتے ہیں

خجل کردوں مقابل کرکے روئے لمعہ افگن کو
ستاروں کو قمر کو برق کو خورشید روشن کو

تجھی سے نخلبند دو جہاں نے کردیا شاداب
ثمر کو شاخ کو غنچوں کو گل کو سارے گلشن کو

مٹایا صفحۂ ہستی سے تیرے شرف مقدم نے
ضلالت کو بھی کفر و شرک کو بدعت کے مسکن کو

عجب وحشت ہوئی پیدا ترے مبعوث ہونے سے
نصاریٰ کو یہودوں کو عرب کے سارے دشمن کو

ظہور دین احمد نے ترقی بخشی ہے کیا کیا
فراست کو لیاقت کو ہنر کو علم کو فن کو

ہمارے دل سے یارب دور کیجے بہر پیغمبر
ریا کو حرص کو شر کو ہوائے نفس رہزن کو

طفیل نعت کیا اسی بادشہ طاقت ملی ہے اب
قلم کو ہاتھ کو دل کو زباں کو روح کو تن کو

سخنورو نہ کبھی یوں مچل مچل کے چلو
یہ راہ نعت نبی ہے یہاں سنبھل کے چلو

مدام شرع نبی پر قدم رہے ثابت
عتاب حق ہو تمھیں گر ذرا پھسل کے چلو

سفر ہے ملک بقا کا ہر ایک کو درپیش
چلو تو ساتھ مگر توشۂ عمل کے چلو

نہیں ہے خوب گناہوں کی یہ گرانباری
خدا کے پاس جو جانا ہے ہلکے ہل کے چلو

شفیع اپنا ہے محشر میں احمد مرسل
طرف بہشت کے دوزخ سے تم نکل کے چلو

نہیں ہے کوئی بھی مشکل رہ اطاعت میں
یہ نفس بڑا ہے عدو اس کا سر کچل کے چلو

نبی کے امتی ہونے کا فخر بیجا ہے
ذرا بھی دین سے اسکے اگر بدل کے چلو

جہاں میں نام تمھارا ہو شمع سا روشن
جو سوز عشق نبی میں پگھل پگھل کے چلو

اجل سے پہلے جو ممکن ہے نیکیاں کرلو
ملال و حزن سے فردا نہ ہاتھ مل کے چلو

ای بادشاہ لکھو سادہ سادہ نعت نبی
کبھی نہ طرز پہ تم عشقیہ غزل کے چلو

ریاض نعت کی تاثیر دیکھو
گل افشاں ہے مری تقریر دیکھو

ہوے ہیں کس کی ہم امت میں پیدا
ہماری خوبیٔ تقدیر دیکھو

نہیں لاتی ہے اب بوئے مدینہ
صبا کرتی ہے کیا تاخیر دیکھو

بھرا ہے دل مرا عشق نبی سے
نہ ہو باور تو اسکو چیر دیکھو

یہاں کیا قدر عشاق نبی کی
تم ان کی حشر میں توقیر دیکھو

قدم کیونکر اٹھے اب سوئے یثرب
پڑی ہے حرص کی زنجیر دیکھو

فقط اک جنبش مژگان حضرت
دل کفار کو تھی تیر دیکھو

شفاعت کی ادہر امید ہمکو
گناہوں کی ادہر توقیر دیکھو

کرو کچھ رحم اے عالم کے رحمت
یہ امت ہے پُر از تقصیر دیکھو

محبو چھوڑ دو جھوٹے فسانے
پڑھو قرآن اور تفسیر دیکھو

اِی فرضی عاشقو تم کچھ کرو غور
عبث ہے آپ کی تحریر دیکھو

درخت سرو سے زنہار زنہار
نہ کھاؤ گے کبھی انجیر دیکھو

مدینہ دیکھنے ای بادشہ پھر
ہوی باطل ہر اک تدبیر دیکھو

شفیع المذنبیں تم ہو محمد مصطفےٰ تم ہو
مریضان گنہ ہم ہیں دوا تم ہو شفا تم ہو

خدا کے بعد افضل کوئی رتبہ میں نہیں تم سا
صفت ہر ایک ہے تم میں سزاوار ثنا تم ہو

خدا کی ہے قسم ہمکو نہیں طوفان کا خدشہ
یقیں ہے کشتیٔ امت کے اپنے ناخدا تم ہو

خدا کے گو کہ ہو بندے خداوند اپنے ہیں لیکن
خدا سب سے جدا لیکن خدا سے کب جدا تم ہو

نبی کا عشق ہے ہمکو نبی کے مدح خواں ہم ہیں
عجب ہے شاعر و فرضی بتوں کے مبتلا تم ہو

تمہیں ہو باعث عالم ہو تم فخر بنی آدم
نبیٔ اعظم و اکرم رسول رہنما تم ہو

اگر ہے دین مثل آسماں خورشید تم اسکے
کہیں خورشید کو گر دین ہم اسکی ضیا تم ہو

خدا نے کیسے پیغمبر کی امت میں کیا داخل
اِی امت شک نہیں ہے صاحب بخت رسا تم ہو

مقرب بارگاہ ایزدی میں کون ہے ایسا
جہاں میں جتنے مرسل آئے انکے پیشوا تم ہو

فنا کے اور بقا کے بھید سے جو کوئی واقف ہے
وہ یہ کہتا ہے ہم عین فنا عین بقا تم ہو

گدائی میں در احمد کے لطف بادشاہی ہے
ہزاروں شکر ہے ای بادشہ اسکے گدا تم ہو

جو دیکھیں حضرت موسیٰ ترے رخسار روشن کو ۔ عجب کیا بھول جائیں جلوۂ وادیٔ ایمن کو

کیا ہے نرم تونے سیکڑوں دلہائے دشمن کو ۔ بنایا موم واں داؤد نے تھا ایک آہن کو

جو دیکھا قابل سجدہ ترے محراب ابرو کو ۔ مہ نو نے جھکا رکھی ہے ابتک اپنی گردن کو

مثال خار کھٹکے گر غم ہجر نبی کیا غم ۔ خوشی سے بھول کر جاؤنگا میں جنت کے گلشن کو

جو دعویٰ تھا ترے چشم و زباں سے اسلئے حق نے ۔ نہ دی بینائی نرگس کو نہ دی گویائی سوسن کو

وہ اک مخلوق قدرت ہے یہ گنج سر وحدت ہے ۔ ہو کیونکر عرش سے نسبت ترے اس پاک مدفن کو

رہ عصیاں ہیں لغزاں ہے سنبھالو بادشہ کو اب
کہاں جائیگا بیکس چھوڑ کر حضرت کے دامن کو

نبی کا عشق محکم دل کے اندر دیکھتے جاؤ ۔ خدا کے پاس درجے اپنے برتر دیکھتے جاؤ

لکھا نعت نبی کا میں نے دفتر دیکھتے جاؤ ۔ فدا سب قدسیاں ہیں آج اسیر دیکھتے جاؤ

بہار روضۂ حضرت کے آگے خلد ہے کیا شے ۔ نظر کہتی ہے ساری عمر تکسیر دیکھتے جاؤ

شب معراج حضرت سے یہی جبریل کہتے تھے ۔ تمہاری عظمت و شوکت کا منظر دیکھتے جاؤ

مدینہ کا جو گورستان دیکھا دل لگا کہنے ۔ ہمارا بخت ان سب کا مقدر دیکھتے جاؤ

مبارک قبر سے اپنی نکلکر یا رسول اللہ ۔ اس امت کا تمہاری حال بدتر دیکھتے جاؤ

ربیع الاول آیا غلغلہ صلّ علیٰ کا ہے ۔ مبارک نعت کا چرچا ہے گھر گھر دیکھتے جاؤ

سمجھلو لشکر خوف الٰہی کی ہے فیروزی ۔ تم اپنے نفس بد کو گر مسخر دیکھتے جاؤ

ترقی کی خوشی کیسی تنزل کا الم کیا ہے ۔ دکھائے جو خدا تم کو برابر دیکھتے جاؤ

فلک پر بادشہ دیکھو گے کیا عقد ثریا کو
ہمارے شاہد معنی کا زیور دیکھتے جاؤ

خدا کی شان ہے تم باوقار کیسے ہو
حبیب حضرت پروردگار کیسے ہو

شفیع کون قیامت میں ہے تمہارے سوا
گناہگاروں کے تم غمگسار کیسے ہو

جو خاصگان خدا ہیں تم انکے ہو سرتاج
رسول کیسے ہو تم نامدار کیسے ہو

تمہارے گیسو و رخ پر فدا ہیں ہم دل سے
نہ پوچھے کوئی کہ لیل و نہار کیسے ہو

خجل جو تم سے ہیں حوریں تو منفعل غلماں
ہر ایک طرح سے تم طرحدار کیسے ہو

خدا کے بعد ہو تم سب سے افضل و اعلی
میں کیا بتاؤں کہ با افتخار کیسے ہو

تمہارا سرمہ ہمیں سرمۂ جواہر ہے
تم ای مدینے کے گرد و غبار کیسے ہو

نہ محو ہونگے کبھی داغہائے عشق نبی
مکان دل کے ای نقش و نگار کیسے ہو

ہے خستہ حال اس امت کا یا نبی دیکھو
اٹھو مزار سے زیر مزار کیسے ہو

نبی کے قول کی یارو نہو اگر تقلید
پھر انکے امتی جاں نثار کیسے ہو

خدا جو چاہے عجب کیا مدینہ پہنچو گے
ای **بادشاہ** کہو بے قرار کیسے ہو

حبذا دین کا سالار ہے وہ
سارے محکوم ہیں مختار ہے وہ

انبیا سب ہیں مثال انجم
ان میں خورشید پر انوار ہے وہ

پائینگے اس کے وسیلے سے نجات
ہم گنہگاروں کا غمخوار ہے وہ

کیوں نہ ہو ہمکو ہوائے یثرب
بار فرقت جو رکھا ہے ان کا
مہ نو کرتا ہے جسکو تسلیم
حسن بالا ہیں ہیں توصیف نبی
نقد الفت ہو ترا جسکے پاس

ہم عنا دل ہیں تو گلزار ہے وہ
حشر کے روز سبکبار ہے وہ
آپ کا ابروئے خمدار ہے وہ
حیف بے قدر ہے بیکار ہے وہ
باغ رضواں کا خریدار ہے وہ

بادشہ پر ہو عنایت کی نظر
خستہ و عاجز و ناچار ہے وہ

فدا ہو کیوں نہ دل تجھپر ہمارا یا رسول اللہ
تمنا ہے نہ جنت کی نہ شوق حور و غلماں ہے
رہیگا سرخ رو بیشک وہی مومن قیامت میں
جو کچھ ہے آرزو دل میں مدینے کی سفر کی ہے
عروج عظمت توحید تھی منظور سر تا سر
ترے رحم و شفاعت کا جو دریا موجزن ہوگا
پسندیدہ تھی یکتائی تری کس درجہ خالق کو
عبث ہیں میری آنکھیں عبث میری بصارت ہے

نہیں تجھ سا کوئی خالق کا پیارا یا رسول اللہ
نہیں بس ہے تمہارے رخ کا نظارا یا رسول اللہ
ہے تیرے عشق کا جسکو سہارا یا رسول اللہ
نہیں ہے خواہش بلخ و بخارا یا رسول اللہ
جو تجھ پر حق نے قرآں کو اتارا یا رسول اللہ
کرے کیا ہمکو دوزخ کا شرارا یا رسول اللہ
نہ تھا سایہ کا ہونا بھی گوارا یا رسول اللہ
نہ دیکھا آج تک روضہ تمہارا یا رسول اللہ

ادب سے سرنگوں رہتا ہے کلک بادشہ ہر دم
ہے تیری نعت کب لکھنے کا یارا یا رسول اللہ

بر آئی ہے تمنا بعد مدت یا رسول اللہ
میسر آج ہے تیری زیارت یا رسول اللہ

کہاں میں کون ہوں کیا دیکھتا ہوں آج آنکھوں سے
مجھے اس خوش نصیبی پر ہے حیرت یا رسول اللہ

بہار گنبد خضرا کا نظارہ جو پایا ہوں۔
نہ کیوں ہو سبز میری کشت قسمت یا رسول اللہ

نہ تھا میں بندۂ ناچیز قابل ایسی نعمت کا
فقط اللہ کی ہے یہ عنایت یا رسول اللہ

نہیں پھولا سماتا ہوں خوشی سے اپنے جامہ میں
ملی ہے جیتے جی اب سیر جنت یا رسول اللہ

ملائک کر رہے ہیں در پہ تیرے جبہہ فرسائی
بشر کیا ہے بشر کی کیا حقیقت یا رسول اللہ

ہے واقف جسطرح سے تو خدا کی شان و عظمت کا
خدا ہی جانتا ہے تیری عظمت یا رسول اللہ

کمالات و فضائل جسقدر سب انبیا میں تھے
ملی ان سبکی تجھکو جامعیت یا رسول اللہ

میان عالم و حق برزخ کبریٰ ہے تو بیشک
تری کچھ اور ہے شان رسالت یا رسول اللہ

کہوں کیا میں ہے تجھپر منکشف حالت مری یکسر
نہیں کچھ عرض حاجت کی ہے حاجت یا رسول اللہ

ہوئی افسوس کچھ مجھسے نہ پابندی شریعت کی
نہ میں نے کی ادا خالق کی طاعت یا رسول اللہ

نہ رغبت نیک کاموں سے نہ نفرت تھی گناہوں سے
رہا کسدرجہ مجھکو خواب غفلت یا رسول اللہ

سراپا جرم و عاصی ہوں نادم ہوں پشیماں ہوں
مگر ہوں داخل افراد امت یا رسول اللہ

تری امت میں ہوں جسکا نہ کیونکر فخر ہو مجھکو
تھی سارے انبیا کو جسکی رغبت یا رسول اللہ

شفیع المذنبیں ہے رحمۃ للعالمین ہے تو
نگاہ لطف ہی تیری کفایت یا رسول اللہ

ترے اصحاب کے تیرے مکرم آل کے صدقے
قیامت میں مری کیجے شفاعت یا رسول اللہ

زباں کو کس بشر کے ہے تری توصیف کا یارا
قلم کو کسکے ہے لکھنے کی طاقت یا رسول اللہ

گدا ہوں تیرے در کا بادشہ کہتے ہیں سب مجھکو
یہ کافی ہے مجھے دنیا میں عزت یا رسول اللہ

مرے دل کو ہے نسبت اسطرح عشق پیمبر سے
جدائی غیر ممکن ہے عرض کو جیسے جوہر سے

نہیں مقصود جنت سے نہ جنت کے کسی گھر سے
مری آنکھوں کو دلچسپی مدینہ کے ہے منظر سے

مجھے کیا کام فرضی حسن سے اور فرضی دلبر سے
میں سچا ہوں مجھے سچی محبت ہے پیمبر سے

ترے مست مئے الفت کو کچھ پروا نہیں ہرگز
نہ جنت سے نہ دوزخ سے نہ دنیا سے نہ محشر سے

بجز قلب سخنور کب کوئی قدر سخن جانے
صفت زر کی اگر کچھ پوچھنا ہو پوچھو زرگر سے

لکھوں کیونکر قلم سے وصف پیغمبر کے گیسو کا
بنالوں روشنائی میں نہ جبتک مشک و عنبر سے

نہ روکو خلد سے مجھکو نبی کا امتی ہوں میں
جو پرسش ہو فرشتو پوچھلو تم اپنے داور سے

غم ہجر نبی میں اشک جو بہتے ہیں آنکھوں سے
فزوں رتبہ ہے انکا آب زمزم آب کوثر سے

مری امید کی کھیتی ابھی سرسبز ہو جائے
ذرا سا یا نبی تیرا اگر ابر کرم برسے

نبی کے آستاں کی ہے گدائی بادشہ حاصل
مجھے ہے برتری جمشید و دارا اور سکندر سے

ہے دل وابستہ کوئے سید ابرار سے پہلے
ہوں شیدا اسکا ہی رضواں ترے گلزار سے پہلے

نہ ہو عشق نبی گر کیا صداقت اپنے ایماں کی
میں پوچھونگا یہی ہر مومن دیندار سے پہلے

محبت میں نبی کی پائی ہے انصار نے سبقت
مہاجر گرچہ ایماں لائے تھے انصار سے پہلے

مجھے جنت میں لیجائینگی کوشش بعد اسکے ہو
بچالو یا نبی مجھکو عذاب نار سے پہلے

مبارک نام حضرت کا جو آتا ہے سر لب پر
لبوں کو چوم لیتی ہے زباں کس پیار سے پہلے

بشارت آپکی سب دیتے آئے ہر زمانہ میں
پیمبر جتنے آئے احمد مختار سے پہلے

فقط تائید حق کی تھی غلط ہے قول غیروں کا
نہیں اسلام پھیلایا گیا تلوار سے پہلے

اُدھر ظلم و ستم تھا اور ادھر لطف و عنایت تھی
پڑا تھا آپکو کیا سابقہ کفار سے پہلے

مسیحا آپ ہو میرے میں بیمار محبت ہوں
مجھے سیراب کر دو شربت دیدار سے پہلے

خدا نے دی ہے کیا توفیق اچھی پادشہ تجھکو
کہاں رجحان تھا یوں نعتیہ اشعار سے پہلے

رسول اللہ کی مدح و ثنا ہر آن بہتر ہے
دل و جاں نام پر انکے جو ہو قربان بہتر ہے

انہیں سے ہمکو عزت ہے انہیں کی ہمکو الفت ہے
انہیں کا ذکر ہے پیارا انہیں کا دھیان بہتر ہے

وہی سرتاج ہیں سب کے وہی محبوب ہیں رب کے
انہیں کی شرع اچھی انکا ہر فرمان بہتر ہے

خدا کے بعد افضل جز محمدؐ کے نہیں کوئی
اگر ایمان کی پوچھو تو یہ ایمان بہتر ہے

کہینگے اہل محشر دیکھکر اعزاز پیغمبرؐ
خدا کی سلطنت میں واہ کیا دیوان بہتر ہے

سلاطین زمانہ کے تمامی جاہ و حشمت سے
گدایانِ در احمد کی عز و شان بہتر ہے

مدینہ اپنا مسکن ہو مدینہ اپنا مدفن ہو
یہی ہے آرزو عمدہ یہی ارمان بہتر ہے

مبارک ذات حضرت اسطرح ہے جملہ مرسل میں
خدا کے سب کتب میں جسطرح قرآن بہتر ہے

کیا ہے تو نے پیدا ہمکو امت میں محمدؐ کی
الٰہی تیرے احسانوں میں یہ احسان بہتر ہے

یہاں خوشتر ہے ہمکو سیر گلزارِ مدینہ کی
وہاں شاید تجھے فردوس کی رضوان بہتر ہے

یہی جنت میں عشاق نبی حوروں سے کہدینگے
جو کچھ بہتر ہے حسن سید اکوان بہتر ہے

پلا دو شربت دیدار اب ای ساقئ کوثر
مریضانِ محبت کو یہی درمان بہتر ہے

جنوں ہے عشق احمد کا ہوں پرزے دامن دل کے
ہمارے واسطے صحرائے عربستان بہتر ہے

شریعت کا ہے جو پابند دل ہے اسکا اعلیٰ تر
ہے جسکو خوف عقبیٰ کا وہی انسان بہتر ہے

خلاف شرع داخل گر کوئی بھی بات ہو اسمیں
نہ وہ توحید بہتر ہے نہ وہ عرفان بہتر ہے

الٰہی **بادشہ** کو رکھیئے محکم حب احمد میں
ہمیشہ خانۂ دل میں یہی مہمان بہتر ہے

پھر دوبارہ مجھے یثرب کی زیارت ہوجائے
اوج پر پھر جو مرا نیر قسمت ہوجائے

کسلئے دیر ہے اب جلد قیامت ہوجائے
یا نبی امت عاصی کی شفاعت ہوجائے

جائیں ہم خلد میں کفار جلیں دوزخ میں
غم اُدھر انکو ادھر ہمکو مسرت ہوجائے

حمد کا لیکے لوا حشر میں جب تو نکلے
انس و جن کیا ہیں فرشتونکو بھی حیرت ہوجائے

اشک عشق نبوی کو ہے وہ رتبہ حاصل
کیا عجب کوثر و تسنیم پہ سبقت ہوجائے

تیری شیریں سخنی کی جو لکھوں میں توصیف
میرے ہر لفظ میں مصری کی حلاوت ہوجائے

گنج قاروں کی مرے پاس حقیقت کیا ہے
گر میسر تری دیدار کی دولت ہوجائے

گر ہو ثابت قدمی میری رضائے حق میں
جو مصیبت ہو مرے واسطے راحت ہوجائے

ایسی توصیف کے ہم ہونگے نہ ہرگز قائل
اک سر مو جو جدا ہم سے شریعت ہوجائے

چھوڑ دیں یکلخت وہ بوسیدہ خیالات اپنے
فرضِ عشاق کو یارب یہ ہدایت ہوجائے

شاعری سے یہی مقصود ہے ای شاہ رسل
بادشہ کی ترے مداحوں میں شہرت ہو جائے

شفیع المذنبیں جب سے محمد مصطفٰے ٹھہرے
دل امت میں خوف حشر گر ٹھہرے تو کیا ٹھہرے

تفاوت ہے یہی اپنے نبی میں اور عیسٰی میں
ترے وہ عرش کے پہنچے یہ بالائے سما ٹھہرے

نہ نکلے منہ سے کچھ ہاں نعت حضرت دمبدم نکلے
نہ ٹھہرے دل میں کچھ ہاں عشق شاہ انبیا ٹھہرے

جو منکر دین کا ہے نزد حق نزد رسول حق
بُرا ٹھہرے بُرا ٹھہرے بُرا ٹھہرے بُرا ٹھہرے

جگر میں دل میں جاں میں تیری جب عشق و ولا ٹھہرے
نہ کیوں ہر دم زباں پر یا محمد کی صدا ٹھہرے

نہ کیونکر وصف گیسو سورۂ واللیل کو کہئے
ترے رخسار کی توصیف میں جب والضحٰی ٹھہرے

غبار روضۂ اطہر جو یثرب سے صبا لائے
ضیائے چشم کے خاطر وہ عمدہ توتیا ٹھہرے

کرم سے یا نبی ہمکو مدینہ جلد بلوا لو
دل عشاق میں صبر و تحمل تا کجا ٹھہرے

طریقت اور حقیقت کا ملے کیا راستہ ہمکو
شریعت میں نہ مستحکم قدم جب دائما ٹھہرے

خیالی شاعروں سے دور مداحان حضرت ہیں
وہ مشتاق نبی اور یہ بتوں کے مبتلا ٹھہرے

مدینہ کے سفر کی کسطرح رغبت مکمل ہو
نہ جبتک شوق خود مانند خضر رہنما ٹھہرے

قلم تیرا چلے کیا بادشہ نعت پیمبر میں
یہاں ہر صاحب طبع رسا جب نارسا ٹھہرے

دل میں جگر میں جاں میں ہے الفت رسول کی
منہ پر زباں پہ لب پہ ہے مدحت رسول کی

حملو کلام حق میں ہے عظمت رسول کی
ہے لا کلام سب پہ فضیلت رسول کی

مطلوب کیوں نہو مجھے رویت رسول کی
اے چشم ہے یہ عین محبت رسول کی

آنے دو حشر دیکھینگے عزت رسول کی
وہ دبدبہ وہ شان وہ شوکت رسول کی

میزان میں پلصراط میں موقف میں حشر میں
کس کس جگہ نہوگی شفاعت رسول کی

دو ٹکڑے چاند ہوگیا لاکھوں کو آن میں
ششدر بنائی ایک اشارت رسول کی

لیلیٰ کی داستاں ہے نہ مجنوں کا ذکر ہے
ہم تو بیان کرتے ہیں عظمت رسول کی

کیوں نوبت زوال نہو شرک و کفر کو
ڈنکا بجا رہی ہے شریعت رسول کی

جبتک تھا تن میں دم دم امت ہی بھرتے تھے
کیا عاصیوں پہ عام تھی شفقت رسول کی

کھل جائے تا نصیب ہمارے نصیب کے
یارب ہو اب نصیب زیارت رسول کی

خرم نہوگا دل ترا اے بادشہ کبھی
جبتک نہ دیکھے آنکھ سے تربت رسول کی

پوچھو مت دنیا سے کیا لیجائینگے
نام اچھا یا برا لے جائینگے

گور میں ہم کیا ضیا لے جائینگے
شمع عشق مصطفےٰ لے جائینگے

تم جو چاہو لے چلو اے شاعرو
ہم پیمبر کی ثنا لے جائینگے

غور کیجے امتی کس کے ہیں ہم
کیسے ہم دوزخ میں ڈالے جائینگے

قرب حق پائینگے عشاق رسول
ہیں جو منکر وہ نکالے جائینگے

جلد بلوا لو مدینہ یا نبی
دل کو ہم کبتک سنبھالے جائینگے

شائق دیدار حضرت ہوں مجھے
حوریں آنکھوں میں بٹھالے جائینگے

سوئے یثرب میرے دل کے ساتھ تھے
شوق و ارماں کے رسالے جائینگے

شرمساری عذر خواہی عاجزی
ہم یہی پیش خدا لے جائینگے

خالی جائینگے نہ ہم اے بادشاہ
اہل محفل کی دعا لے جائینگے

عشق رسول پاک کا بیڑا اٹھائیے
قرب خدا کا اس سے نتیجا اُٹھائیے

نام اپنا دینداری میں اچھا اٹھائیے
خلد بریں کا لطف دو بالا اٹھائیے

مقدم کی خیر رحمت خالق منائیگی
اپنا قدم جو سوئے مدینا اٹھائیے

دل میں ہمارے گویا ہے یہ نقش کا لحجر
کیونکر خیال یثرب و بطحیٰ اٹھائیے

ہم ہیں نیاز مند نبی ہمکو کیا ضرور
فرضی بتوں کے ناز جو بیجا اٹھائیے

آیا ہے جو کہ مہد میں دیکھیگا وہ لحد
اس زندگی کا دل سے بھروسا اٹھائیے

دیدار دوست کی ہے تمنا اگر تمھیں
غفلت کا اپنی آنکھ سے پردا اٹھائیے

غیروں کا عشق اور ہے عشق نبی ہے اور
کھو سنگ زرے اور دُر یکتا اُٹھائیے

منظور گر مسرت عقبیٰ ہے بادشاہ
بار غم رسول ہمیشہ اٹھائیے

ترے عشاق کی محشر میں عزت ہونیوالی ہے
انھیں حاصل ہر اک جنت کی نعمت ہونیوالی ہے

نہ گھبراؤ گنہگارو تمھیں اپنے پیمبر سے
عنایت ہونیوالی ہے شفاعت ہونیوالی ہے

معزز تر وہی ہیں جنکے دل میں نور ایماں ہے
یقیں کفار کو خواری و ذلت ہونیوالی ہے

مبارک ہے وہ دل جس میں تری معمور الفت ہے ۔۔۔ مبارک وہ زباں ہے جس سے مدحت ہونیوالی ہے

ڈرو اللہ سے اے منکرین دین پیغمبر ۔۔۔ تمہیں اک دن قیامت میں فضیحت ہونیوالی ہے

کہا حق نے تو ختم المرسلیں بیشک ہے تیرے بعد ۔۔۔ نہ دنیا میں نبوت اور رسالت ہونیوالی ہے

گھمنڈ عظمت کا تھا گردوں کو لیکن یہ نہ تھا معلوم ۔۔۔ زمیں پر یا نبی تیری ولادت ہونیوالی ہے

مزاحم ہو نہیں سکتے کبھی اسباب دنیا وی ۔۔۔ دوبارہ گر مدینہ کی زیارت ہونیوالی ہے

بتوں کے عشق کے اشعار کا خواہاں نہیں کوئی ۔۔۔ مہذب سلسلے میں اس سے نفرت ہونیوالی ہے

نہ چھوڑو مشغلہ نعت نبی کا **بادشہ** ہرگز
طفیل اس کے رسا اپنی طبیعت ہونیوالی ہے

منہ سے سخن جو نعت نبی کے نکل گئے ۔۔۔ الفاظ سارے نور کے سانچے میں ڈھل گئے

ہجر نبی میں آہ کے شعلے نکل گئے ۔۔۔ خرمن قرار و صبر کے یکلخت جل گئے

عشاق مصطفیٰ ہیں ہو روشن انھیں کا نام ۔۔۔ جو سوز دل سے شمع کی صورت پگھل گئے

چھٹنا نہیں ہے موت کے پنجے سے کوئی بھی ۔۔۔ گر آج بچ گئے تو سمجھ لو کہ کل گئے

صحبت بدوں کی کرتی ہے نیکوں کو بھی خراب ۔۔۔ کیچڑ ہوا زیادہ تو پاؤں پھسل گئے

حق ادب ادا نہوا ہم سے دوستو ۔۔۔ روضہ پہ مصطفیٰ کے جو ہم سر کے بل گئے

رکھا جو تیغ شمر نے حلق حسین پر ۔۔۔ لرزہ ہوا زمیں کو فلک سارے ہل گئے

دائم رہے سعید ازل دیں پہ استوار ۔۔۔ جو تھے شقی وہ دین متیں سے بدل گئے

ای **بادشاہ** اپنے گناہوں کو کرکے یاد

گو ضعف ہجر تھا مگر آنسو نکل گئے

نہ کوئی شوق و ارماں دل میں اب زنہار باقی ہے
فقط عشق جناب احمد مختار باقی ہے

بہار خلد پر رضواں تجھے یہ فخر بیجا ہے
زمیں پر کوچۂ احمد کا جب گلزار باقی ہے

دماغ اپنا نہیں محتاج ہرگز مشک و عنبر کا
خیال زلف حضرت اسمیں جب ہر بار باقی ہے

فنا ہونیکو آئے ہم ہر اک لائق فنا کے ہے
اگر باقی ہے ذات حضرت دادار باقی ہے

میں کہدونگا فرشتوں سے نہ لیجاؤ جہنم کو
ابھی دل میں امید رحمت غفار باقی ہے

تصدق گر نہیں ہے تو نبی کی پاک تربت پر
تری گردش سے کیوں ای مہر پرانوار باقی ہے

نبی کی وصف کا حق کب ہوا پورا ادا مجھسے
مرے پہلو میں دل منہ میں زباں بیکار باقی ہے

خدا کے واسطے اب ای اجل اتنی نہ جلدی کر
مدینہ کی دوبارہ حسرت دیدار باقی ہے

گناہوں پر گنہ کرتے رہے شام و سحر افسوس
نہ توبہ کوئی باقی ہے نہ استغفار باقی ہے

رہو گے گر نہ تم باقی تو غم کیا بادشہ اسکا
جہاں میں جب تمہاری شہرت اشعار باقی ہے

زباں سے نعت محمد اگر ادا ہو جائے
مری زباں پہ زباں بھی نہ کیوں فدا ہو جائے

اگر وہ ابر کرم مہرباں ذرا ہو جائے
ابھی یہ باغ تمنا ہرا ہرا ہو جائے

جو تیری قرب کی نعمت ہمیں عطا ہو جائے
بعید کیا ہے اگر قرب کبریا ہو جائے

نجات چاہیگا ابلیس بھی تو کیا ہے عجب
جو دھوم تیری شفاعت کی برملا ہو جائے

رکھے جو صدق سے دل میں ہوائے عشق نبی
جہاں کی حرص و ہوس سب نہ کیوں ہوا ہو جائے

ادہر ہو مہر عرب اور اُدہر مہ کنعاں
ملیں جو ہر دو قیامت میں کیا مزا ہو جائے

میں انکی زلف کی توصیف میں پریشاں ہوں
کہوں جو مشک ختن مو بمو خطا ہو جائے

فراق اس گل عارض کا گر رُلائیگا
گلابی عطر سے آنسو مرا سوا ہو جائے

ای بادشاہ بجا ہے طفیل نعت نبیؐ
ترے کلام کا شہرہ جو جا بجا ہو جائے

ہم کبھی عشق نبی سے نہیں ٹلنے والے
مثل پروانہ ہیں اس شمع پہ جلنے والے

دین احمد سے بدلنے دو بدلنے والے
کف افسوس ہیں وہ حشر میں ملنے والے

یاد آئیگی وہاں بھی ہمیں یثرب کی فضا
گلشن خلد سے کب ہم ہیں بہلنے والے

حب دنیا نہیں بعضوں کو نکلنے دیتی
یوں تو یثرب کو نکلتے ہیں نکلنے والے

راستہ قرب الہی کا وہی پائینگے
دل سے جو شرع پیمبر پہ ہیں چلنے والے

بادہ خواروں کا سنبھلنا تو ہے بالکل آساں
ہیں کہاں نشۂ دولت میں سنبھلنے والے

قلزم دہر میں مداح پیمبر گویا
صدف قلب سے موتی ہیں اگلنے والے

نفع کیا ان سے جو ہیں دین نبی سے آزاد
سرو گلشن نہیں ہوتے کبھی پھلنے والے

بادشہ میں نہ لکھوں گا کبھی جز نعت نبی
سارے اشعار ہیں اس سانچے میں ڈھلنے والے

جہاں کے عشق بازوں میں ہمارا کچھ جدا دل ہے
ہر اک شام و سحر پابند عشق مصطفےٰ دل ہے

طفیل عشق احمد کیا صفائی پائی ہے دل نے
سکندر طبع ہوں میں اور میرا آئینہ دل ہے

ہر یک دم تا دم آخر جو دم امت کا بھرتا تھا
اسی کا مبتلا دل ہے اسی کا آشنا دل ہے

رسول اللہ کا رتبہ ہے یوں سارے رسولوں میں
تمام اعضائے انسانی میں جیسا مقتدا دل ہے

یقیں ہے مجھکو لیجائیگا پھر اکدن مدینہ کو
تن اپنا مثل کشتی ہے تو اس کا ناخدا دل ہے

وسیلہ مغفرت کا اس سے بڑھکر اور کیا ہوگا
نبی کا نام ہے ورد زباں محو ثنا دل ہے

نہ متحمل ہوئے ارض و سما بار امانت کے
جو متحمل ہوا اس کا تو وہ انسان کا دل ہے

جہاں میں جسکو غفلت رہتی ہے احکام شرعی سے
سزا پائیگا وہ محشر میں اس کا ناسزا دل ہے

کسی دن نرم ہوتا ہی نہیں خوف الٰہی سے
یہ کیا پہلو میں میرے سخت پتھر سے سوا دل ہے

نہ فرضی عشق ہے مجھکو نہ جھوٹا ہے سخن میرا
میں سچ کہتا ہوں ان باتوں سے میرا بدمزا دل ہے

نہ کیوں تفویض کردوں **بادشہ** ہر کام خالق پر
وہی خود جانتا ہے میرا اچھا یا برا دل ہے

مائل نعت ہے ہر وقت طبیعت میری
اندنوں رشک ملائک ہے سعادت میری

اک نظر اسکے کرم کی ہو تو پھر محشر میں
حور و غلماں مرے کوثر مرا جنت میری

آگیا جا کے مدینہ نہ کیا اپنا مقام
ہائے غفلت یہ میری حیف یہ قسمت میری

چشم باطن سے جو حاصل ہے حضوری تیری
کیوں نہ قرباں ہو بصیرت پہ بصارت میری

اس لب پاک کے صدقے کہ کہا تھا جس نے
زائر روضہ پہ واجب ہے شفاعت میری

صورت بلدۂ طیبہ کا ہوں شائق یارب
آرزو جلد یہ بر لا کسی صورت میری

مانع راہ ہیں ہر چند کہ اسباب جہاں
شوق کو اور بڑھا دیتی ہے ہمت میری

تیرے رخسار سے تشبیہ نہ دونگا ہرگز | ماہ و خورشید کریں لاکھ لجاجت میری

بادشہ مجھکو ہے شاہان جہاں سے کیا کام
در احمد کی گدائی میں ہے عزت میری

اوصاف مصطفےٰ نہ کسی سے رقم ہوے | عاجز تمام اہل قلم یک قلم ہوے
الفت میں مصطفےٰ کی جو ثابت قدم ہوئے | دنیا میں آخرت میں وہی محترم ہوے
پرسش کا خوف کیا ہمیں دوزخ کا کیا خطر | محشر میں جب شفیع وہ شاہ امم ہوے
برپا جو تو نے دین متیں کا علم کیا | کفار سرنگوں ہوے بت منہدم ہوے
خلق عظیم حق نے کہا شان میں تری | اعدائے دیں مسخر خلق و کرم ہوے
کہدو یہ انسے جو رہ حق میں ہوے نثار | تم کامیاب ہو گئے محروم ہم ہوے
توحید حق سے ہو گیا پُر نور اک جہاں | روشن فقط نہ کشور عرب و عجم ہوے
ہم کیا سنائیں قومی تنزل کی داستاں | جتنا بڑھے ہوئے تھے ہم اتنا ہی کم ہوے
سچا ہو عشق چاہیے سچا کلام اب | فرضی جو عاشقاں تھے وہ سب کالعدم ہوے

جز نعت پاک کچھ نہیں لکھتے ہو بادشاہ
تم شاعران دہر میں کیا مغتنم ہوے

زباں جبتک دہن میں اور تن میں جان باقی ہے | رسول اللہ کی مدح و ثنا ہر آن باقی ہے
قسم حق کی ہے بیشک ہم چلے جائینگے جنت میں | ہمیں کیا خوف محشر ہے اگر ایمان باقی ہے
نبی باقی ہیں دنیا میں لیکن اسنے چھوڑا ہے | ادہر آل اسکی باقی ہے ادہر قرآن باقی ہے

نہ ہو تعظیم گر اونکی نہ ہوں گر انکے ہم پیرو
تو پھر کیا دین کی عظمت ہے پھر کیا شان باقی ہے

دوبارہ دیکھ لوں آنکھوں سے میں روضہ پیمبر کا
کوئی ارماں نہیں دل میں یہی ارمان باقی ہے

خوشی میں اس مہ میلاد کے ہیں سب کے سب داخل
ملک باقی نہ جن باقی نہ یہ انسان باقی ہے

طفیل احمد مرسل الٰہی بخش دے اسکو
جہاں میں **بادشہ** اک عبد نافرمان باقی ہے

دل کو نبی کے عشق کا مظہر بنائینگے
ہم بھی خدا کے گھر کو منور بنائینگے

ذکر نبی کا آئینہ دکھلا کے خلق کو
طبع رسا کو آج سکندر بنائینگے

اوراق دل پہ نعت کا دفتر لکھیں گے ہم
رگہائے جاں کے تار کا مسطر بنائینگے

آنکھیں بچھاتے جائیں گے یثرب کی راہ میں
ہم سر کو اپنے پاؤں کا ہمسر بنائینگے

دیکھینگے پھر دوبارہ مبارک وہ آستاں
بگڑا ہے بخت اسکو مکرر بنائینگے

رگڑیں وہاں جبیں کو پئے سجدۂ خدا
داغ جبیں کو غیرت اختر بنائینگے

کرتے ہیں وصف نکہت گیسو کا ہم ترے
مجلس کو ساری آج معنبر بنائینگے

اعدائے دیں کے دل میں خلش کیوں نہ ہو فزوں
ای نوک خامہ ہم تجھے نشتر بنائینگے

نے ہے تیرے آفتاب ہدایت کا یہ بیاں
ہم ذرہ ذرہ کو مہ انور بنائینگے

ہر خار میں عیاں گل رعنا کا ڈھنگ ہو
ہر یک خذف کو رشک گوہر بنائینگے

روئینگے گر نہ پائیں گے جنت میں تیری دید
آنکھوں کو اپنی چشمۂ کوثر بنائینگے

جب ہم سنائینگے تری رحلت کا واقعہ
ہر صف کو خلق کے صف محشر بنائینگے

حق نے کہا کہ تجھسا کوئی ذی شرف نبی
ہم نے نہیں بنایا نہ اسپیر بنائینگے

خوباں بھی وصف احمد مرسل کے واسطے
صل علیٰ کے لفظ کا زیور بنائینگے

میلاد کی خوشی میں چراغاں کرینگے ہم
ہر اک مکاں کو خلد کا منظر بنائینگے

چرچے رہیں گے وعظ و قصائد کے جابجا
عقبیٰ کے زاد راہ کو بہتر بنائینگے

ہمکو ذریعہ نعت نبی کا ہے مکتفی
یثرب میں قبر اپنی مقرر بنائینگے

اشعار بادشاہ یہ کہتے ہیں بار بار
ہم مومنوں کے دل کو مسخر بنائینگے

جہاں میں تم سا کوئی صاحب جمال بھی ہے
کہ جسکا عاشق شیدا وہ ذوالجلال بھی ہے

ہے راضی ان سے خدا جو تمہارے ہیں عشاق
رضائے حق سے کوئی عمدہ تر آل بھی ہے

ہمیشہ مست ہیں ہم عشق سرور دیں میں
یہ وہ شراب ہے جو پاک اور حلال بھی ہے

تصدق اس شہ والا کی ذات میں جسکی
کرم ہے قہر ہے لینت ہے اعتدال بھی ہے

صحابی دونوں ہیں دونوں ہیں جاں نثار نبی
اگر صہیب اُدھر ہے ادھر بلال بھی ہے

ہلال و بدر سے عالم پہ کھل گیا یہ راز
کمال جسکو ہے آخر اُسے زوال بھی ہے

نبی کے خال سے غیرت ہے نجم تاباں کو
خجل اس ابروئے خمدار سے ہلال بھی ہے

فقط تمہاری محبت نہیں ہے سینہ میں
متاع شوق سے دل میرا مالا مال بھی ہے

شفیع تم ہو ہمارے تو امتی ہم سب
نجات پانے میں کیا ہمکو احتمال بھی ہے

دوبارہ مجکو مدینہ میں جلد بلوا لو
یہ آرزو ہے یہی تم سے اب سوال بھی ہے

دماغ میں ہیں خیالات ساری دنیا کے	بھلا کسی کو کبھی موت کا خیال بھی ہے
ہمارے واسطے تا حشر بس ہیں یہ دو چیز	کلام پاک ہے اک ایک تیری آل بھی ہے

نظر کرم کی ہو اس بادشاہ عاصی پر
حقیر و عاجز و بیکس ہے خستہ حال بھی ہے

رخ مہر انور شب رنگ گیسو پیشانی رشک بدر الدجیٰ ہے
ابرو مہ نو انجم ہیں دنداں سرخی شفق کی لب پر فدا ہے
سرو چمن گر قامت کو لکھئے کب راستی اس مضمون میں ہے
ہے بے بصر وہ آنکھوں کو تیری مانند نرگس جس نے کہا ہے
تشبیہ کوئی دینی ہے بیجا نور خدا ہے تیرا سراپا
حور و ملک سب تیرے ہیں شیدا ہر اک کے لب پر صل علیٰ ہے
مقبول رب معبود ہے تو دونوں جہاں کا مقصود ہے تو
گر تو نہ ہوتا کچھ بھی نہ ہوتا ہونے سے تیرے سب کچھ ہوا ہے
جب اک اشارہ تیرا ہوا ہے ٹکڑے ہو آیا چاند آسماں سے
تو نے مبارک انگشت سے کیا پانی کا چشمہ جاری کیا ہے
سایہ زمیں پر کوئی نہ دیکھا بے سایہ تیرا ہے جسم والا
تو نے قدم جس کوچہ میں رکھا کوچہ وہ رشک گلشن بنا ہے
تیرا لقب تھا ظاہر میں امی حاصل تھا تجھ کو علم لدنی

ہیں کونسے وہ اسرار و معنی مخفی جو تجھ سے حق نے کہا ہے
اعدا تھے تیرے ایذا کے طالب تجھکو کیا ہے حق سب غالب
مشرق سے لیکر تا حد مغرب دین متیں کا ڈنکا بجا ہے
قایل ہوں تیرے گر جن و انساں کیا ہے عجب اے سالار اکوان
ہر ہر شجر اور ہر برگ بستاں تصدیق تیری کرنے لگا ہے
قرآں جسدم سنتے تھے تجھسے ہوتے تھے حیراں فصحا عرب کے
جز ماننے کے چارہ نہ دیکھے کہتے تھے کیا یہ حیرت کی جا ہے
ہمجنس ہیں گو لعل اور پتھر کب لعل سے یہ پتھر ہو ہمسر
گرچہ بشر ہے تو ای پیمبر تجھکو بشر گر کہئے خطا ہے
پابند عصیاں ہوں میں سراسر ہے تو ہی میرا محشر میں یاور
چشم کرم کر اس بادشہ پر یہ بھی ترے ہی در کا گدا ہے

خمسہ تضمین غزل قدسی

بخشا خالق نے تجھے تاج شفاعت ای نبی	واہ کیا خلعت رحمت ہے ترے تن پہ سجی
ہم کہینگے یہی جب حشر میں ہو گی طلبی	مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جنسیت لعل کو پتھر سے اگرچہ ہے بجا	گر کہیں لعل کو پتھر یہ نہیں ہے زیبا

بنی آدم میں گنوں تجھکو میں کیونکر شاہا
نسبتے نسبت بذات تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

اک زلیخا کو تھی یوسف کی محبت ہر دم
عشق لیلی میں نہ جز قیس رکھا کوئی قدم
سارا عالم تجھے کہتا ہے اے فخر عالم
من بیدل بجمال تو عجب حیرانم
الله الله چه جمال است بدین بو العجبی

مصر اور شام عرب سے تھے زیادہ مشہور
فارس و روم تھے سب ملک میں سرسبز و نور
لیک عزت یہ عرب کو ہی جو دینی تھی ضرور
ذات پاک تو دریں ملک عرب کرد ظہور
زاں سبب آمدہ قرآں بزبان عربی

ذات اقدس تھی تری چشمۂ فیض و انعام
کیوں نہ سیراب ہو باغ دل انصار کرام
پھول کر مارے خوشی کے یہی کہتے تھے تمام
نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام
زاں شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

جب زمیں پر ہوا پیدا تو اے شاہ لولاک
فخر افلاک پہ کرتی تھی زمیں یہ بے باک
واہ کس ڈھب سے خجل اسکو کیا ایزد پاک
شب معراج عروج تو گذشت از افلاک
بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

بحر عالم میں تری چاہ سے اے خضر صفات
موج زن سینہ میں کیا کیا نہ الم ہیں ہیہات
کیوں نہ ہم ہائے بے آب سا تڑپیں ذرات
ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات
لطف فرما کہ ز حد می گذرد تشنہ لبی

آئے کب حشر میں میرا کوئی دمساز نظر
دست و پا میرے مجھے آتے ہیں غماز نظر
بس ہے اس عاصی کو اک تیری سرافراز نظر
چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

شب معراج تو فردوس میں پہنچا جب دم
حور و غلماں لگے سب چومنے آ آ کے قدم
کہا رضواں نے بصد عجز زباں سے باہم
نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بسگ کوئے تو شد بے ادبی

ہے مفرح سے ترے وصف کے فرحت دل کی
تیرے معجون محبت سے شفا ہے اپنی
بادشہ تم بھی کرو ورد یہ شعر قدسی
سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

ایضاً

ہوں میں اک ذرہ تو خورشید رسالت ہے نبی
وصف خورشید ہو ذرہ سے یہ ہے بوالعجبی
ہر دو عالم میں ہے روشن تری والا حسبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

نور تھا جسم ترا نور کے سانچے میں ڈھلا
کھینچے جب صاف کمر بند کمر سے آیا
اور کچھ کہہ نہیں سکتا ہوں یہاں اس کے سوا
نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

دیکھے گر روئے مصفا ترا اے شاہ امم | آئینہ ہوگا خجالت سے مکدر ہر دم
ملکہ یوں صاف کہے کھا کے سکندر کی قسم | من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

سرزمیں ملک عرب کی نہ تھی آگے مشہور | پر فضا تھی نہ صفا تھی نہ تو سرسبز نہ نور
اس کا اعزاز بڑھانا تھا خدا کو منظور | ذات پاک تو دریں ملک عرب کرد ظہور

زاں سبب آمدہ قرآں بزبان عربی

کیا کلام اس میں ہے شیریں ترا ہر ایک کلام | تلخ کاموں کو کیا تو نے عجب شیریں کام
ابر رحمت سے ہوں سیراب نہ کیوں خاص و عام | نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام

زاں شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

میں ہوں اک بندۂ ناچیز تو سالار امم | میں ہوں کمتر تو ہے برتر میں جفا تو ہے کرم
خوف ہے تا نہ غضب ہو ترا مجھ پہ بہم | نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگ کوئے تو شد بے ادبی

تھی نہ کچھ پیش نظر طاعت رب اکبر | عین عصیاں میں ہوئی آہ مری عمر بسر
مثل نرگس ہمہ تن چشم ہوں ہر شام و سحر | چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

ای قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

قاب قوسین ہے مکاں اور تو شاہ لولاک | تجھ کو ہی وصل سے حق اپنے کیا فرحناک
ہو گئے پست ملایک کے بھی فہم و ادراک | شب معراج عروج تو گذشت از افلاک

بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

غرق ہیں بحر محبت میں ترے ہم دن رات	کیا ضرر دیگی ہمیں حشر میں سیل آفات
لب کوثر بھی رہے لب پہ ہمارے یہ بات	ماہمہ تشنہ لبانیم تو ئی آب حیات

لطف فرما کہ زحد می گذرد تشنہ لبی

بادشہ درد سے ہجراں کے جو ہے بیتابی	ہوگی جز شربت دیدار نہ صحت میری
کیوں نہ قدسی کیطرح عرض کروں گا میں بھی	سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی

آمدہ سوے تو قدسی پے درماں طلبی

خمسہ تضمین غزل شمس تبریزی

جنبذا در بزم عرفاں شمع نور افزا تو ئی	کعبۂ مقصود خلق و ہادی دلہا تو ئی
عاصیاں را روز محشر مامن و ملجا توئی	یا رسول اللہ حبیب خالق یکتا تو ئی

برگزیدہ ذوالجلال پاک بے ہمتا توئی

عالم بالا پہ جاکر کون یوں آیا شتاب	دولت دیدار حق سے کون ہے یوں کامیاب
قاب قوسیں کا ملا تجھکو مقام باصواب	در شب معراج بودے جبرئیل اندر رکاب

پا نہادہ بر سر گنبد خضرا تو ئی

منظہر اسرار رب بیشک ہے تیری ذات پاک	تجھسے ہی ہم پر کھلے توحید کے رمز و نکات

صورت انجم درخشاں کیوں نہوں تیری صفات | نازنین حضرت حق صدر بدر کائنات

نور چشم انبیا چشم و چراغ عالم توئی

یا نبی شیطاں نے ڈالی ہمہ غفلت کی کمند | قید میں حرص و ہوا کے ہو گئے ہم سخت بند

رحم کر اب رحم کر اے عاجزوں کے دردمند | یا رسول اللہ تو دانی استانت عاجزانہ

عاجزانرا راہ بنما رہنما شاہا توئی

بادشہ بالا ہے بام مدحت خیر الوریٰ | کیا کرے پرواز تیرا طائر فکر رسا

جس جگہ قاصر ہیں سارے انبیا و اولیا | شمس تبریزی چہ اند نعت تو پیغمبرا

مصطفےٰ و مجتبیٰ و سید اعلیٰ توئی

خمسہ تضمین قصیدۂ نظام

یہ کسکی الفت سے میں طپاں ہوں یہ کسکے دیدار کا ہوں خواہاں

بھرے ہیں میرے دل اور جاں میں ہزاروں حسرت ہزاروں ارماں

خبر رساں ہے نہ کوئی میرا مری تسلی کا ہے یہ ساماں

صبا بسوے مدینہ رو کن ازیں دعا گو سلام بر خواں

بگرد شاہ رسل بگردد بصد تضرع پیام بر خواں

ہے میرا ممدوح مومنو وہ ہے جس کا مداح رب یزداں

محبت اسکی ہے اصل ایماں اسی کا ہے ذکر جان عرفاں

چمن میں عالم کے مثل بلبل ہوں یوں ہی میں نغمہ سنج سرآں
صبا بسوئے مدینہ روکن ازیں ثنا گو سلام برخواں

بگرد شاہ رسل بگردد بصد تضرع پیام برخواں

وہ ہیں مبارک کہ جنکے دل میں نبی کے عشق و ولا سے مملو
خوشا نصیب انکے جنکو ہر دم ملا زیارت کا عمدہ قابو

فلاح عقبیٰ جو چاہتا ہے ولا یہ غفلت کو چھوڑ کر تو
سنہ بجنیدیں ادب طرازی سر ارادت بخاک آں کو

صلوٰۃ وافر بروح پاک جناب خیر الانام برخواں

ہیں واصف روئے مصطفےٰ ہوں نہیں ہے گلشن سے کام مجھکو
ہوں شیفتہ انکے گیسوؤں کا غرض نہ سنبل سے ہے سرمو

کدھر ہے تو اے نسیم سحری بھٹکتی پھرتی ہے کیوں ہر اک سو
سنہ بجنیدیں ادب طرازی سر ارادت بخاک آں کو

صلوٰۃ وافر بروح پاک جناب خیر الانام برخواں

مزار اس سید البشر کا خدا ان آنکھوں کو میرے دکھلائے
کروں تمنا نہ اور کوئی جو مدعا میرا مجھکو ملجائے

وہاں جو پہنچوں تو روح سے میری دمبدم مجھکو یہ صدا آئے

به باب رحمت گہے گزر کن به باب جبریل گہ جبیں سائے

سلام ربی علی نبی گہے به باب السلام برخواں

ولا مزار رسول حق پر ترا مقدر جو تجھکو پہنچائے
قسم خدا کی خوشی کے مارے ترا کچھ عالم ہی اور ہو جائے

تو کرلے ہر در سے فیض حاصل پھر ایسی دولت کہاں سے تو پائے
به باب رحمت گہے گذر کن به باب جبرئیل گہ جبیں سائے

سلام ربی علی نبی گہے به باب السلام برخواں

ای ختم رسل شفیع محشر شه دو عالم حبیب والا
یه تیرا رتبه ہے کس نے پایا تجھے جو پایا خدا کو پایا

تری زیارت کا یه طریقه بیان کرتے ہیں بعض عرفا
بشو ز خود صورت مثالی بناز بگزار اندر آں جا

بصورت خوش بسوره محمد تمام اندر قیام برخواں

لکھی ہے غزل نظام کی میں نے آج تضمین بطرز نیکو
زہے سعادت زہے مقدر جو اسکو شرف قبولیت ہو

حضور نبوی میں جانیوالوں سے تم بھی اے بادشاہ کہدو
بنغمه درد آشنا شو بلحن داؤد ہم نوا شو

به بزم پیغمبر این غزل را ز عبد عاصی نظام برخواں

خمسہ تضمین غزل کافی

بخت خوابیدہ نہ کیوں اپنا جگانا چاہیئے
باغ جنت حشر میں خالق سے پانا چاہیئے
نعمت عظمیٰ یہ بیشک ہاتھ لانا چاہیئے
بار عشق احمدی کافی اٹھانا چاہیئے
گر نہیں یہ غم تو غم سے مر ہی جانا چاہیئے

ختم مرسل سرور دیں دو جہاں کے پیشوا
انکی گر الفت نہو پھر دعوئی ایماں ہے کیا
مال و جان و دل زن و فرزند سب ان پر فدا
جبکہ ٹھہرے عین ایماں حب محبوب خدا
اپنے ایماں کو بھلا پھر کیا چھپانا چاہیئے

رحمت عالم لقب ہے آپ کا ہی یا رسول
کب ہے وہ مومن کرے جو آپ کا فرماں عدول
آپکی ہو گی شفاعت درگہ حق میں قبول
دین و ایماں آپکی الفت سے ہوتا ہے حصول
طالب ایماں کو یہ باتیں سنانا چاہیئے

نزع تک امت کا تھا غمخوار جو شام و سحر
حق تعالے کے غضب کا کیا نہیں خوف و خطر
اسکی الفت سے رہیں ہم کسطرح اب بیخبر
ہیں کدہر وہ منکران الفت خیر البشر
بے تمیزوں کو ذرا مجھ تک تو لانا چاہیئے

حب احمد کی نہیں جن گمرہوں کو ہے طلب
گر خدا چاہے نہیں اے مومنو اس کا عجب
انکو شیطان لعیں نے آہ بہکایا ہے اب
شاید آجائیں طریق راستی پر بے ادب

درسِ عشقِ مصطفائی کو سنانا چاہئے

دو جہاں میں سب سے برتر کسکی عزو شان ہے
قرب حق کی راہ کس کے عشق سے آسان ہے
غافلو تم ہو کدہر یہ کیا تمھارا دہیان ہے
کچھ بھی گر دل ہیں تمھارے خواہشِ ایمان ہے

ہر بشر سے آپ کو محبوب جانا چاہئے

نور خالق تھا سراپا حبذا صلِّ علیٰ
دل مصفا تن مجلا حبذا صلِّ علیٰ
زلفِ مشکیں ماہ سیما حبذا صلِّ علیٰ
روئے اطہر خوے والا حبذا صلِّ علیٰ

ایسے محبوبِ خدا سے دل لگانا چاہئے

گلشنِ حسنِ نبی کا گر تصور ہو ذرا
غنچۂ دل کیا نسیم شوق سے ہوتا ہے وا
موجب فرحت ہے بیشک آپکی ہر اک ادا
یاد کر لطف تبسّم سیّد کونین کا

دل یہی کہتا ہے ہر دم مسکرانا چاہئے

تر زباں رہتا ہے جو ذکر شہ لولاک سے
اسپہ نازل رحمتِ حق کیوں نہو افلاک سے
بادشہ ہے یہ صدا ہر دم دلِ غمناک سے
سیری کافی نہیں ممکن ہے نعت پاک سے

عندلیب زار کو گل کا فسانا چاہئے

خمسہ تضمین غزل لطف

غمزدہ ہوں کس حصول مدعا کے واسطے
کب سائی ہو گی نحبت نارسا کے واسطے

چشم و دل ہیں وقف اب آہ و بکا کے واسطے | اے فلک لے چل مدینہ کو خدا کے واسطے

دل تڑپتا ہے حبیب کبریا کے واسطے

مظہر نور خدا اور خاتم پیغمبراں | شافع روز قیامت باعث کون و مکاں
گو کہ ہے قرآں ہیں سید شان والا کا بیاں | لائے یہ بندہ کہاں سے حق تعالیٰ کی زباں

احمد مرسل ترے وصف و ثنا کے واسطے

اشرف خلق خدا ہے آپ کا بیشک وجود | آپ کے باعث ہوا سب کے نمود و نگا نمود
تھی رواں ہر دم نسیم رحمت رب ودود | باغ میں جا کر پڑا جب روح احمد پر درود

کھل گئے غنچوں کے منہ صل علیٰ کے واسطے

جرم میں اس عمر کو برباد ہم نے کر دیا | حیف ہے ہم سے نہ کوئی کام نیکی کا ہوا
بس ہے یہ ہمکو وسیلہ مغفرت کا ابتدا | لے چلے ہیں اس جہاں سے داغ عشق مصطفیٰ

اور اب کیا چاہئے روز جزا کے واسطے

قدرت خالق ہوئی جلوہ نما بہر نبی | نعمتیں حق نے کئے کیا کیا عطا بہر نبی
عقدۂ لاحل بھی ہو تو ہوگا وا بہر نبی | ہوتی ہے مقبول درگاہ خدا بہر نبی

ہاتھ جب امت اٹھاتی ہے دعا کے واسطے

گو کہ ہوں بیمار دائم ہجر کے آزار کا | واسطے صحت کے لب ہیں آپکی چشم عطا
بلکہ کیا میری حقیقت اور کیا رتبہ مرا | بارگاہ احمد مرسل ہے وہ دارالشفا

آئینگے عیسیٰ جہاں اپنی دوا کے واسطے

نور حق سر تا بپا تھا حسن سرور سے عیاں
مہر و مہ میں یہ تجلی یہ ضیا ہوگی کہاں
اسطرح محو لقا ہے دل ہمارا ہر زماں
ظلمت شب پر ہوا ہے روز روشن کا گماں
روتے ہیں جس رات اس بدر الدجےٰ کیواسطے

کیوں رہوں خار عذاب حشر سے خاطر ملول
دامن امید میں ہیں نعت پیغمبر کے پھول
اے فرشتو مرتبہ یہ اور کسکو ہے حصول
گور کی گرمی سے گھبرایا جو مداح رسول
کھل گئی جنت کی کھڑکی بس ہوا کے واسطے

راہ عرفاں میں جسے حاصل ہوا صدق و یقیں
عین عشق حق ہے اسکو عشق ختم المرسلین
بادشہ نا واقفوں کو اس سے کچھ بہرہ نہیں
میم احمد کے نہ کرنا راز کو افشا کہیں
بند کر اے لطف منہ اپنا خدا کے واسطے

خمسہ تضمین غزل لاادری

مجھے اب راہ عرفاں کی دکھا دو یا رسول اللہ
مزہ عشق حقیقی کا چکھا دو یا رسول اللہ
غم دنیا مرے دل سے مٹا دو یا رسول اللہ
محبت غیر سے میری چھڑا دو یا رسول اللہ
مجھے اپنا ہی دیوانہ بنا دو یا رسول اللہ

اگر کشت جہاں میں تخم کچھ نیکی کا میں بوتا
ثمر پاتا قیامت میں نہ دلکو رنج یہ ہوتا
نہیں ہے کچھ خبر اتبک عبث اوقات ہوں کھوتا
لگا تکیہ گناہوں کا پڑا سوں رات دن سوتا

مجھے اس خواب غفلت سے جگا دو یا رسول اللہ

تمہارے حسن پر شاہا سب اپنا مال و زر واروں
حقیقت مال و زر کی کیا میں اپنا چشم و سر واروں
کبھی دلکو کروں صدقے کبھی اپنا جگر واروں
مرے تن کی رگ جاں آپکے اقدام پر واروں

مجھے اس روز محشر میں بچا دو یا رسول اللہ

مشرف یا نبی فرمائیں مجھکو آپ رویت سے
سماؤں نگانہ اپنے پیرہن میں فرط راحت سے
کہوں نزدیک جاکر یوں ادب سے اور منت سے
تمنا ہے سخن سننے کی دل میں ایک مدت سے

لب شیریں سے دو باتیں سنا دو یا رسول اللہ

تمہارا کلمۂ طیب زباں پر جو کہ لاتے ہیں۔
عذاب نزع سے ہرگز نہیں وہ خوف کھاتے ہیں
کہاں ای بادشہ خویش و اقارب کام آتے ہیں
اندھیری قبر میں مجھکو اکیلا چھوڑ جاتے ہیں

شفاعت کا دیا روشن لگا دو یا رسول اللہ

خمسہ نعتیہ

قصد ہے ای طبع کوئی نظم اب خوشتر لکھوں
ہر سخن شیریں مثال شیر اور شکر لکھوں
وصف کچھ گیسو کا یا وصف رخ دلبر لکھوں
قصۂ ہجراں لکھوں یا عشق کا دفتر لکھوں

سب سے بہتر ہے کہ نعت ختم پیغمبر لکھوں

یا نبی دونوں جہاں میں کون ہے تیری مثال
سب ہیں عاشق حق کے لیکن تیرا عاشق ذوالجلال
سارے اگلے انبیا کو تھے عطا جو جو کمال
ذات والا میں تری سب جمع تھے بے قیل و قال

کیا مجھے طاقت کہ تیرا رتبۂ برتر لکھوں

واسطے تیرے ہوا ہے سارے عالم کا ظہور
تو نہ ہوتا تو ظہور خلق تھا پھر کیا ضرور
کیا ملک کیا جن و انساں اور کیا غلمان و حور
سب کا تو سرور ہے سب محکوم ہیں تیری حضور

قدرت خالق کا تجھکو کیوں نہیں مظہر لکھوں

کی فقط اک حسن و خوبی حق نے یوسف کو عطا
نور سے اپنے یہاں تن کو ترے رخشاں کیا
طور پر موسیٰ کو واں معراج کا منصب ملا
عرش اعظم کے پرے تجھکو یہاں بلوا لیا

کونسا رتبہ ترا ای دین کے رہبر لکھوں

نفسی نفسی جب کہینگے انبیائے نامدار
امتی کو کون ہے جز تیرے ای عالی وقار
ہووے گر اک جنبش لب تیری پیش کردگار
اہل عصیاں سیکڑوں ہو جائینگے دوزخ سے پار

کیا تری قابل ثنا اے شافع محشر لکھوں

سر بسر میں معصیت میں مبتلا ہوں آہ آہ
جز ترے محشر میں مجھکو ہے کہاں جائے پناہ
کیا مری طاقت مجھے کس علم میں ہے دستگاہ
کس زباں سے مدح کا دعوی کروں ای بادشاہ

کون ہوں کیا جانتا ہوں کیا لکھوں کیونکر لکھوں

قصیدہ

جوش پر بحر سخن آج ہے دریا دریا
نقطہ نقطہ ہے قلم کا مرے دُرِّ یکتا
ہر نفس کیوں نہ ہوا بہ ہمنفس باد سحر
گلشن طبع سے کھلتے ہیں شگوفے کیا کیا

پست ہر چند ہوں لیکن ہے مرا عزم بلند
نارسا گرچہ ہوں رکھتا ہوں مگر ذہن رسا

اوج پر ہے مرا شہباز خیال آج کے دن
سر جھکا دینگے نہ کیوں طائر معنی صدہا

آہو گیری کا عدو کے نہیں کچھ خوف مجھے
چشم بد دور میں منظور نظر ہوں سب کا

ہر سخنور ہو نہ کیوں صورت مجنوں مجنوں
مثل محمل ہے مری فکر تو مضموں لیلا

دیکھے فرہاد اگر عذب بیانی میری
کیا عجب عشق ہو شیریں کا جو اسکو پھیکا

کیوں نہ نازاں میں رہوں خامہ قرطاس پہ آب
یہی گو ہے یہی میدان یہی چوگان میرا

میرے مضموں کی صفائی سے ہے حیرت اسکو
دل آئینہ کو بے وجہ نہیں ہے سکتا

چشمۂ فکر سے ہو میرے جو کوئی سیراب
خضر سا اسکو ملے ذائقۂ آب بقا

کسکو یہ فخر نہیں میرا پسند خاطر
کون کہتا ہے تعلی ہے یہ میری بیجا

یعنے ہیں اسکا تہ دل سے ہوں محو توصیف
خالق ہر دو سرا جس کا ہے خود مدح سرا

ہے وہی فخر رسل فخر زماں فخر زمیں
فخر کا لفظ ہے خود فخر اسی سے پایا

جتنے اعزاز تھے جتنے تھے کمال و درجات
پائے سب اس نے مگر ایک خدائی کے سوا

دین اس کا ہو نہ کیوں ناسخِ ادیان سلف
مہر کے آگے کہاں رہتی ہے انجم کی ضیا

جستجو سارے جہاں کو ہے رضائے حق کی
حق کو مطلوب اگر ہے تو فقط اسکی رضا

جو جو ہونا تھا ہوا اسکے ہی ہونے سے عیاں
اسکے مانند ہوا کوئی نہ اس پر ہوگا

اس کے آمد کے ہی تھے جملہ رسل مژدہ رساں
اس کے امت میں ہی ہونے کی تھی ان سبکو رجا

اسکو ہے ربط عجب عالم و حق کے مابین
نزد عرفا ہے لقب برزخ کبرا اسکا

اس نے یک پل میں زمیں سے گیا تا عرش بریں — اسنے پہنچا ہے جہاں کون وہاں تک پہنچا

اسکو حاصل ہوی دیدار الٰہی بے کیف — دیکھنا جو کہ تھا دیکھا وہ جو سننا تھا سنا

کس گنہگار کو دوزخ سے رہائی ہوتی — روز محشر نہ اگر اس کا سہارا ہوتا

درگہ حق میں شفاعت ہو اسی کی مقبول — اسکے صدقے سے ہی ہم دیکھینگے جنت کی فضا

اس کے اعجاز کا اور اس کے خصائص کا بیاں — کسکو طاقت ہے رقم کر سکے پورا پورا

جسطرح جسم سے ہے روح ہماری الطف — جسم یوں ہی تھا ہر ایک روح سے الطف اسکا

اسکے ہی پشت پہ تھا مہر نبوت روشن — اس کا سایہ تھا زمیں پر نہ کسی نے دیکھا

کیا یہ یکتائی محبوب تھی حق کی منظور — اس کے سایہ کا بھی ہونا نہ گوارا رکھا

یا کہو نور الٰہی کا نتھا سایہ جب وہ — سایہ کے واسطے سایہ نہیں ممکن اصلا

ابر گر سایہ فگن اوسپہ ہو کیا اوسکا عجب — ذات پاک اسکی تھی خود سایۂ افضال خدا

اس گل گلشن خوبی کا جو ہوتا تھا گذر — مثل گلزار ہر ایک کوچہ مہک جاتا تھا

دور و نزدیک سے یکساں وہ سنے آتی تھی — اوسکے آواز میں اعجاز تھا کیا حق نے دیا

حسن میں اسکے صباحت بھی ملاحت بھی تھی — رنگ و بو پھول میں باہم رہیں جیسے یکجا

کیا ملاحت تھی صباحت بھی فدا تھی جسپر — کیا صباحت تھی ملاحت ہوی جسکی شیدا

اسکی ہی روئے منور کی خجالت ہی یہہ — مہر اسنگ ہے طپاں داغ ہے مہ نے پایا

نہ فقط اسکا سراپا ہی تھا بے مثل و نظیر — دلربائی میں بھی یکتا تھی ہر ایک اسکی ادا

دیکھتے حضرت آدم بھی یہ کہتے اسکو — نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را

وقت شب پائی ہے عائشہ نے اپنی سوزن ‏— اللہ اللہ یہ کیا اسکی تھی دنداں کی ضیا

گھگیا شور ہوئی چاہ انس شیریں تر ‏— جب ذرا سا وہ لعاب اپنے دہن کا ڈالا

آسماں پر ہوا دم بھر میں قمر دو ٹکڑے ‏— تیغ انگشت سے یک اسنے اشارہ جو کیا

سیکڑوں تشنہ دہاں فوج کے سیراب ہوگے ‏— ہوا انگشت سے پانی کا رواں فوارا

حیف کس منہ سے رسالت کے تھے منکر اعدا ‏— اسکی تصدیق یہ جب شجر و حجر تھے گویا

اس کی یک ذات میں تھے جمع یہ کیا کیا اعجاز ‏— واہ کس خوبی سے یہ شعر کسی نے لکھا

حسن یوسف دم عیسےٰ ید بیضا داری ‏— آنچہ خوباں ہمہ دارند تو داری تنہا

مدح کیا اسکی لکھے بادشہ ہیچمداں ‏— حوصلہ کچھ نہیں پر اسلئے یہ شوق ہوا

دخل اپنا ہے "تا اسکے ثنا گویوں میں ‏— جیسا یوسف کی خریدار بنی تھی بوڑھیا

اور کیا چاہئے بہبودی عقبی مجھکو ‏— یہ قصیدہ ہو جو مقبول حضور والا

ختم کرتا ہوں سخن کیجئے سب ورد زباں
دمبدم صل علے صل علے صل علے

قطعہ تاریخ طبع کتاب ہذا

از جناب سیٹھ محمد اسمٰعیل صاحب مغموم ساکن مدراس

خوب ہے مجموعہ نعت نبی ‏— عشق کے جذبات ہیں جلوہ نما

کان محبت سخن بادشاہ ❊ حسن عقیدت کا مرقع بجا
گنج طرب روح فزا ہر سخن ❊ بہر مریضان گنہ ہے شفا
شاہد معنی کا ہوا ہے ظہور ❊ جیسے ہیں عشاق نبی پہ فدا

سال یہ مغموم کہو ہوکے شاد
کنز حسین نعت حبیب خدا
۱۳۴۲ھ

از جناب خواجہ مرتضیٰ احمد حسین صاحب تبسم ساکن مدراس

خوب ہے نعت شہ جن و بشر ❊ شان میں جسکی ہے آیا لولاک
یعنی بادشہ ملک سخن ❊ جانے کیا جسکا ہو قاصر ادراک

کہدیا سال تبسم میں نے
دفتر نعت نبی احمد پاک
۱۳۴۲ھ

از جناب ابو المقبول محمود الحسن صاحب محمود وانمباڑی تلمیذ حضرت مغموم مدظلہ

میرے مخدوم و معظم بادشاہ ❊ شاعر جادو بیاں شیریں مقال
شعر گوئی میں تھے آپ اپنی نظیر ❊ صاحب علم و لیاقت ذی کمال
نعتیہ اشعار کا مجموعہ یہ ❊ انکی ہی تصنیف کا ہے بیمثال
مدح خواں سب نہ کیوں ہونگے فدا ❊ دلکش و دلچسپ ہے یہ قیل و قال

حرز جان مسلم بنائیں کیا عجب — اس میں ہے نعت حبیب ذوالجلال

جبکہ کی فرمائش تاریخ طبع — حضرت عبدالرشید خوشخصال

کہدیا محمود میں نے فی البدیہ

مدح پیغمبر الہ بیمثل بسال

١٣٥٤٢ ٥٨٢×

١٩٦٢٤

از خاکسار خطیب محمد عبدالرشید عفی عنہ فرزند مصنف مرحوم

تھے جو میرے والد مغفور حضرت بادشاہ — دلکش و زیبا کلام نعتیہ انکا ہے یہ

جمع کرکے میں نے ان کا کل کلام نعتیہ — فضل رب سے اور اپنی سعی سے چھپایا ہے یہ

حضرت مخدوم جو ہیں خیرخواہ اپنے قدیم — انکی ہی تائید سے کام اب ہوا پورا ہے یہ

گر کوئی پوچھے تو سال طبع کہدو اے رشید

نعتیہ اشعار کا مجموعہ زیبا ہے یہ

١٣٤٢

تمت

راقم الحروف کاتب سید حضرت پیران بنگلوری

فتبارک اللہ احسن الخالقین

الحمد للہ والمنہ کہ

گلدستۂ حازم

فی مدح

حضرت رسول اکرم

مؤلفہ

جناب منشی محمد لیسین صاحب حازم مرحوم ساکن قصبہ ڈگرس ضلع
ایوت محل ملک برار ابن جناب شمس الدین صاحب ساکن ڈگرس

باہتمام

احقرانام محمد عبد اللہ صدیقی

مطبع مجتبائی واقع لکھنؤ میں طبع ہوا

+ عاجز کے کارخانہ سے ہر قسم کی کتابیں اور اشیاء ساخت لکھنؤ برخ مناسب بذریعہ ویلو روانہ ہوتی ہیں۔ المشتہر محمد عبد اللہ تاجر کتب لکھنؤ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ سیدنا و مولانا و حبیبنا و شفیعنا و نبینا محمد سید المرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین محبوب رب العالمین و علی آلہ و اصحابہ و اولیاء امتہ اجمعین الی یوم الدین برحمتک یا ارحم الراحمین اما بعد کمترین محمد یٰسین تخلص حازم خلف جناب شمس الدین صاحب ساکن ڈگرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل الہ عفاعنہ اللہ الغفار مولف گلدستۂ ہذا شایقین و ناظرین کی خدمت سراپا برکت مین عرض کرتا ہے کہ مجکو شوق نعت خوانی ہے اور حضرت سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کی نعت شریف مین غزلین کہا کرتا ہے ایک روز دل مین خیال آیا کہ کوئی نعتیہ رسالہ قابل خواندگی محافل میلاد شریف آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم حضرت افضل المرسلین خاتم النبیین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین محبوب رب العالمین حضرت سیدنا احمد مجتبی محمد مصطفے صلی اللہ تعالی علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کی نعت شریف مین تالیف کرکے چھپوانا چاہیے لہذا یہ گلدستہ لکھا اور اس مین اپنا اور مخدومی مکرمی استادی جناب مولوی شیخ محمد صاحب

خاقان مولود خوان مداح النبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم حنفی مقیم تعلقہ
پوسد ضلع ایوت محل ملک برار مصنف گلدستہ خاقان فی حمد یزدان سلمہ اللہ
الرحمان اور محبی مکرمی جناب منشی محمد قاسم صاحب حسان صدر مدرس مدرسہ
ہندوستانی ڈگرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل ملک برار مؤلف چراغ حسان
سلمہ اللہ الرحمان اور دیگر شعراء نامی کا کلام نعتیہ درج کیا اور نام اسکا گلدستۂ
حازم رکھا بخدمات واصفان حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و
اصحابہ وسلم وسخنوران نکتہ چین التماس ہے کہ اگر اس گلدستہ مین کہین غلطی پائین بخیال
نعت شریف انگشت ایراد نہ اُٹھائین اصلاح سے شاد فرمائین ؎ کہ ہیچ
نفس بشر خالی از خطا نبود؀ اور جب اسکی سیر کرین تو مؤلف اور حضرات شعراء ممدوح الصدر
کو دل وجان سے بدعائے خیر یاد فرمائین حضرت جل وعلا خالق ارض وسما بطفیل
سیدنا ومولانا حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم
میرے اس گلدستہ نعتیہ کو قبول فرماکر مقبول خلائق کرے آمین آمین ثم آمین ؀

الراقم محمد لیسین حازم حنفی مؤلف گلدستہ ہذا ساکن ڈگرس تعلقہ
داروہ ضلع ایوت محل ملک برار عفی عنہ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّم

غزل در حمد باری تعالیٰ از تصنیف جناب مولوی شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان پوسید

وصف انسان سے ادا کیا ہو خدایا تیرا
تو ہے یکتا کوئی ثانی نہین حقا تیرا

عرش پر حور و ملک فرش پر انسان وطیور
کرتے ہین صبح و مسا ذکر خدایا تیرا

ہو کے بے ہوش گرے طور پر حضرت موسیٰ
نظر آیا جو او نہین نور تجلّی تیرا

آرزو ہے یہی حسرت ہے یہی ارمان ہے
مجکو دیدار میسّر ہو خدایا تیرا

جن و انسان و ملک حور و پری غلمان کے
دل مین ہے خوف و خطر ربّ تعالیٰ تیرا

تیری یکتائی کی دیتا ہون گواہی ہر دم
کہ نہین ہے کوئی کونین مین ہمتا تیرا

فضل کر او سپہ سدا بہر محمّد ہر دم
یا خدا عاجز خاقان ہے بندہ تیرا

غزل در نعت شریف حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم از تصنیف محمد حسین حازم مولف گلدستہ

ہمیشہ ہے یہی تجھسے مری ہر دم دعا یارب
محمد مصطفےٰ کا روضۂ اطہر دکھا یارب

تری درگاہ مین یہ عرض ہے میری سدا یارب
دکھا دے جلوۂ روئے محمد مصطفےٰ یارب

نہین مجکو تمنا آب کوثر کی خداوندا
محمد مصطفےٰ کے وصل کا ساغر پلا یارب

عطا کر او نکو باغ خلد روز حشر یا اللہ
پڑھاتے ہین جو مولود محمد مصطفےٰ یارب

بناوے مجکو خادم روضۂ پر نور حضرت کا
برائے مصطفےٰ مقبول ہو یہ التجا یارب

بوقت پرسشِ محشر وظیفہ ہو یہی میرا		محمد مصطفےٰ شاہِ ہدیٰ صل علی یارب

یہی کہتا ہے حازم کوئی دن ایسا ہو یا اللہ
بلائیں اپنے روضہ پر مجھے شاہ ہدیٰ یارب

غزل نعتیہ از تصنیف جناب شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان مصنف گلدستہ خاقان مقیم بہرائچ

ذکر احمد کا ہو رہا ہے آج	شور صلی علی بپا ہے آج
محفلِ مولدِ محمد مین	نور خالق برس رہا ہے آج
بزم میلاد سرور دین کو	کہنا رشک جنان بجا ہے آج
آؤ اس بزم مین مسلمانو	درِ رحمت یہان کھلا ہے آج
مجھ پہ نازل خدا کی رحمت ہے	لب پہ توصیف مصطفےٰ ہے آج

بخشدے میرے سب گناہون کو
حق سے خاقان کی یہ دعا ہے آج

غزل در نعت شریف حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم از تصنیف جناب منشی محمد قاسم حسامدر دیس ڈگرس

محمد ہے حامی و یاور ہمارا	محمد ہے ہادی و رہبر ہمارا
درِ شاہ والا پہ ہے سر ہمارا	نہ کیون اوج پر ہو مقدر ہمارا
ثنا خوان کوے پیمبر ہین ہم بھی	اجارہ ہے خلد برین پر ہمارا
فراق پیمبر مین غم سہتے سہتے	جگر ہو گیا مثل پتھر ہمارا
لکھا کرتے ہین خال شہ کی صفت ہم	ہر اک شعر ہے رشک اختر ہمارا

نہین خوف محشر کا حسان ہمکو
محمد ہے حامی و یاور ہمارا

غزل در نعت شریف از تصنیف محمد یسین حازم مولف گلدستہ ہذا متوطن ڈگرس

شوق دل سے جو ہین مولود پڑھانے والے	ہین وہی مستحق خلد کمانے والے

سنتے ہی بزم پیمبرؐ کی خبر آتے ہین
نعت محبوب خدا سنتے سنانے والے

حق سے پائینگے وہ جنت مین مکانِ گوہر
غم احمدؐ مین جو ہین آنسو بہانے والے

حشر مین دیگا خدا رتبۂ اعلےٰ اونکو
رہِ خالق مین جو ہین زر کے لٹانے والے

حکم اللہ سے وہ خود ہی مٹے دنیا سے
جو کہ تھے نقش شریعت کے مٹانے والے

ہین وہ حق دار گلستانِ جنان اے حازم
عشق حضرتؐ مین جو ہین دلکو جلانے والے

غزل در نعت شریف از تصنیف جناب مولوی شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان مقیم پونہ

رسول اللہ کے مولود کی محفل جماتا ہون
خدا کے فضل سے مین توشۂ عقبیٰ کماتا ہون

سر محفل ثنائے روئے پیغمبرؐ سناتا ہون
مثالِ آئینہ ہر ایک کو حیران بناتا ہون

پڑھو ملکر درود اے حاضرانِ محفلِ مولد
تمھین اب ذکر مین مولود احمد کا سناتا ہون

ہر اک حضار محفل باادب صلوات پڑھتا ہے
زبان پر اپنی جسدم نام احمدؐ کا مین لاتا ہون

خدا ہے شیفتہ جنپر محمدؐ نام ہے جنکا
زہے قسمت اونہین کا شیفتہ مین بھی کہاتا ہون

کوئی اونپر فدا کرتا ہے مال و زر کوئی زیور
مین نقدِ دل شہ لولاک پر اپنا لٹاتا ہون

نہین ہے فخر مجکو شاعری پر ہے فقط اسپر
کہ مین مداح محبوب جنابِ حق کہاتا ہون

سنانے وصف شاہِ انبیاؑ عشاق احمدؐ کو
مین سر کے بل مجبو محفلِ مولد مین جاتا ہون

مرے دیوان مین ہے تحریر خاقان مدحت احمدؐ
اسی باعث اسے آنکھون سے مین اپنی لگاتا ہون

غزل نعتیہ از تصنیف محمد یٰسین حازم حنفی مؤلف گلدستۂ ہذا ساکن ڈگرس

ہون ثنا خوان مین جنابِ احمدؐ مختار کا
حضرتِ محبوبِؐ رب ایزد غفار کا

دیکھلون گر خواب ہی مین روضۂ محبوبِ حق
دل نہ ہو خواہان مرا پھر خلد کے گلزار کا

یارسول اللہ دکھلا دیجئے اپنا جمال
دل مین ہے ارمان از حد آپکے دیدار کا

گر لکھون توصیف کوے حضرتِ خیر الورا
ہو گمان ہر صفحۂ دیوان پر گلزار کا

شاعرون مین بول بالا یا خدا میرا رہے
ہون ثناخوان مین جناب احمدؐ مختار کا

قصرِ جنت ہو عطا اوسکو خدایا روزِ حشر
جو پڑھا ئے شوق سے مولد شہؐ ابرار کا

روزِ اول سے ہون حازم مین ثناخوانِ رسول
اسلیئے شہرہ جہان مین ہے مرے اشعار کا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی میر ارمان علی صاحب ارمان ملازم ڈاکخانہ منگرون ہیر

بزمِ میلاد مین جو آتے ہین
مطلبِ دل وہ اپنا پاتے ہین

جو کہ منکر ہین منہ چھپاتے ہین
آنکھ سے آنکھ کب ملاتے ہین

میم کا پردہ جب اوٹھاتے ہین
تب جمالِ احد کو پاتے ہین

جس جگہ ذکرِ خیر ہوتا ہے
آسمان سے ملائک آتے ہین

شہؐ کے میلاد کی خبر سنکر
جو کہ عاشق ہین دوڑے جاتے ہین

جو کہ گم کردہ راہ یثرب ہو
حضرت خضرؑ رہ بتاتے ہین

ہجر مین تیرے یا رسولؐ کریم
تیر غم دل پہ اپنے کھاتے ہین

نارِ دوزخ سے کیا خطر اونکو
جو غلامِ نبی کہاتے ہین

رخِ رنگین کے تصور مین
شمع سان دلکو ہم جلاتے ہین

قلق و رنج و غم الم ارمان
ایک مین اور یہ جان کھاتے ہین

غزل نعتیہ از تصنیف جناب مولوی شیخ محمدؐ صاحب خان قان مولودخوان مقیم پوسد

دوستو حامدِ سبحان ہون نہین جانتے کیا
اور احمدؐ کا ثناخوان ہون نہین جانتے کیا

باغ جنت مجھے خالق نے عطا فرمایا
روضۂ شاہ کا دربان ہون نہین جانتے کیا

اے نکیرین خدا سے ڈرو یہ بے ادبی
امتِ شاہ رسولان ہون نہین جانتے کیا

ورد ہے مجکو بھی وصفِ رُخِ حضرتؐ ہر دم
مین بھی اب حافظِ قرآن ہون نہین جانتے کیا

تپشِ مہرِ قیامت سے نہین خوف مجھے
آپ کے مین تہِ دامان ہون نہین جانتے کیا

بخشوا لیجئے خالق سے مجھے یا مولا
اپنے عصیان سے پشیمان ہون نہین جانتے کیا

ہے تمنا کہ رہون آپکی خدمت مین مدام
یا نبیؐ صاحبِ ایمان ہون نہین جانتے کیا

ہو لقب کوئی عطا مثلِ اویسؓ قرنی
آپ پر مین بھی تو قربان ہون نہین جانتے کیا

مجکو ہمراہ قیامت مین بھی رکھئے حضرتؐ
مین بہت بے سر و سامان ہون نہین جانتے کیا

ہجر مین آپ کے مانند بلالِؓ حبشی
مین بھی با حالِ پریشان ہون نہین جانتے کیا

آپ دیدار پلا کر مجھے زندہ کیجے
یا نبیؐ مردۂ بیجان ہون نہین جانتے کیا

کیون نہ پھر باغِ ارم کی مجھے جاگیر ملے
واصفِ ختمِؐ رسولانؑ ہون نہین جانتے کیا

کیجے میرا سلام اسے شہؐ کو نہین قبول
امتی آپ کا سلطانؐ ہون نہین جانتے کیا

چار یاری بھی ہون اور پنجتنی بھی ہین ہون
آلؑ و اصحابؓ پہ قربان ہون نہین جانتے کیا

کربلا بھی کبھی پہونچونگا مین انشاء اللہ
عاشقِ شاہِ شہیدان ہون نہین جانتے کیا

کیون نہ حل ہون مرے سب عقدۂ مالا ینحل
کہ غلام شہِ مردان ہون نہین جانتے کیا

نعت احمدؐ مین ہے خاقان مرادیوان تیار
مین بھی تو صاحبِ دیوان ہون نہین جانتے کیا

غزل نعتیہ از تصنیف محمد یٰسین تخلص حازم مؤلف گلدستۂ ہذا ساکن ڈگرس

رسولؐ اللہ کا مولد پڑھا ئے جسکا جی چاہے
مکان فردوس مین اپنا بنائے جسکا جی چاہے

ملک جن و بشر داخل ہین اس بزم مقدس مین
یہان نعتِ رسول اللہ سنائے جسکا جی چاہے

خدا ہوتا ہے خوش عشاقِ محبوبِ الٰہی سے
نبیؐ کے عشق مین دلکو جلائے جسکا جی چاہے

جسے خواہش ہو باغِ جنتِ ماوےٰ کی اے یارو
تو بزم مولدِ حضرتؐ جمائے جسکا جی چاہے

خریدے نیکیان راہ خدا مین خرچ زر کرکے
یہ سودا مفت کی جلدی کمائے جسکا جی چاہے

مکان فردوس مین اوسکا بنیگا واقعی حازم
خدا کی راہ مین گھر بار لٹائے جسکا جی چاہے

دیگر

سید ابرار کے روضہ پہ جانا ہے مجھے
حال دل محبوبؐ خالق کو سنانا ہے مجھے

جل رہا ہون آتش ہجر رسولؐ اللہ مین
داغ دل محبوب خالق کو دکھانا ہے مجھے

جلد پہونچا دے الٰہی شاہ کی تربت تلک
چادر وصل علی اوسپر چڑھانا ہے مجھے

دیکھئے کب تک رسائی ہوتی ہے حضرتؐ تلک
اپنی اب قسمت کو جلدی آزمانا ہے مجھے

عرصۂ محشر مین حازم نعت ختم المرسلین
حضرت خلاق عالم کو سنانا ہے مجھے

دیگر

خدایا مجھے تو مدینہ بتادے
بتادے بتادے بتادے بتادے

خداوند عالم محمدؐ کا روضہ
دکھادے دکھادے دکھادے دکھادے

الٰہی مجھے ساغر وصل حضرتؐ
پلادے پلادے پلادے پلادے

محمدؐ کے ملنے کا مژدہ خدایا
سنادے سنادے سنادے سنادے

خداوند حازم کو حضرتؐ کا خادم
بتادے بتادے بتادے

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی محمد قاسم صاحب حسان صدر مدرس ڈگرس

ہے ہمیشہ عشق مجکو احمدؐ مختار کا
شغل ہے دن رات نعت سید ابرار کا

بخشوائینگے مجھے روز جزا اللہ سے
ہے بھروسہ سرور دین احمدؐ مختار کا

پڑھکے وصف تیغ ابروے جناب مصطفیٰؐ
کاٹتا ہون مین کلیجہ ہمدمو کفار کا

دولت عشق نبی سے دل ہمیشہ ہے غنی
میرے آگے کیا ہے رتبہ منعم و زردار کا

مثل اختر مین چمکتے شعر کے نقطے مرے | وصف جب لکھتا ہون خالِ سید ابرار کا

عشق جو رکھتا ہے حسان احمد مختار کا
مستحق ہوتا ہے وہ فردوس کے گلزار کا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب مولوی شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان مقیم پوسد

بزم مولود مین اے مومنو آؤ تو سہی | لطف فردوس معلیٰ کا اوٹھاؤ تو سہی
مستحق گلشن جنت کے کہاؤ تو سہی | مولدِ سرورِ لولاک پڑہاؤ تو سہی
گو خبر اپنی رہے یا نہ رہے یا شہ دین | مئے عشق آپ مگر ہم کو پلاؤ تو سہی
مرحبا صلِّ علیٰ ہوگا زبان سے جاری | یا نبیؐ خواب مین میرے کبھی آؤ تو سہی
آپکی زلف پہ ہو جاؤنگا عاشق مولا | ھند سے مجکو مدینہ مین بلاؤ تو سہی
فرط الفت سے مین مانند صبا جاؤنگا | مجکو اے خضرؑ رہِ طیبہ بتاؤ تو سہی

ہے یقین داد سخن بزم مین دینگے احباب
غزل نعتیہ خاقان سناؤ تو سہی

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی محمد ریاض الدین صاحب تاجر عطر ریاض متوطن بلہوہ

رہے جو مجکو بوقت آخر خیال رشتے شہ ہدا کا | تو بعد مرنے کے اے عزیزو کفن پہ طغرا ہو والضحیٰ کا
مین اپنے جی مین تھا پہلے ششدر کہ مہرا و ترا زمین پہ کیونکر | مگر جو دیکھا بغور جا کر نشان نکلا وہ نقش پا کا
یہ آرزو ہے کہ جسم لاغر دیار طیبہ مین پہنچے اڑ کر | الٰہی آجائے آج ایسا ادہر بھی جھونکا کوئی ہوا کا
طفیل توصیفِ زلف و لب سے بنایا سلطان مجھے خدا نے | ختن کا ملک یمن کا چین کا تتار و تبت کا اور خطا کا
مین وہ ہون عشق نبیؐ کا وحشی کہ دشتِ یثرب مین جو نے بھی | لگایا آنکھون سے سر پہ رکھا ملا جو ٹکڑا مری قبا کا

پڑہا جو مضمون قدِ گیسو تو بولے شاعر ریاض خوشخو
ہے طبع بانکی تری غضب کی ہے ذہن موزون ترا بلا کا

غزل نعتیہ از تصنیف محمد یٰسین حازم مؤلف گلدستہ ہذا ساکن ڈگرس

مین عاشق ہون دل وجان سے جناب شاہ امجد کا
جناب شاہ امجد حضرت احمد محمد کا

وظیفہ ہے مجھے والشمس اور واللیل کا ہر دم
ازل سے شیفتہ ہون مین رخ وگیسوئے احمد کا

نبی کا مدح خوان ہون لکھتا ہون نعت نبی ہر دم
مجھے کہتے ہین سب مداح شاہنشاہ امجد کا

نہ مجکو زر کی خواہش ہے نہ زر داروں سے مطلب ہے
فقط طالب ہون یا رب جہان حضرت محمد کا

خدایا بندۂ حازم کو دکھلا جلوہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲
ہمیشہ وہ بہت مشتاق ہے دیدار احمد کا

غزل در نعت شریف حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم از تصنیف جناب شیخ محمد رضا خان صاحب خاقان

وصف لکھکر شہ کونین کے رخساروں کا
مستحق ہو گیا مین خلد کے گلزاروں کا

مجکو سایہ جو ملے آپکی دیواروں کا
نام تک لون نہ مین فردوس کے گلزاروں کا

اپنی کملی مین شہ کون ومکان دیکے پناہ
پردہ رکھ لینا قیامت مین سیہ کاروں کا

دہیان دندان ورخ حضرت احمد صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲ مین مجھے
ہے تصور مہ پر نور کا اور تاروں کا

کوچۂ مدح شہ دین مین آتے ہی ہمین
ملگیا راستہ فردوس کے گلزاروں کا

ہے سوا آپ کے اے شاہ امم کون شفیع
عرصۂ حشر مین مجھ جیسے گنہگاروں کا

کالی کملی کا محمد کے خدایا صدقہ
پردہ رہجائے قیامت مین سیہکاروں کا

ہے وہ محبوب جناب شہ لولاک لما صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲
جو بشر دوست شہ دین کے ہے یاروں کا

دیکھکر ہاتھ مین تلوار علے اکبر کے
سینہ دہشت سے پھٹا جاتا تھا کفاروں کا

پڑھتے ہین شوق سے دیوان سخندان میرا
ہے ہجوم اندلون یوسف پہ خریداروں کا

عشق ہے جنکو جناب شہ دین سے خاقان
لطف پاتے ہین وہی نعتیہ اشعاروں کا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی محمد عبد الحکیم خان صاحب حاذق تاجر کتب مالک مطبع حقانی دہلی

مدینہ میرا وطن ہو الہی
تو سب دور رنج ومحن ہو الہی

اللّٰہم صلّ علیٰ سیدنا و مولانا محمد و علیٰ آل سیدنا و مولانا محمد و بارک و سلم ۱۲

مدینہ میں جاکر نہ پھر آؤں واپس
وہیں میرا گور و کفن ہو الٰہی

پہونچ جاؤں یثرب میں بے ساز و سامان
برہنہ بدن خستہ تن ہو الٰہی

لگی ہی رہے آگ عشقِ نبیؐ کی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲
نہ کم حشر تک یہ جلن ہو الٰہی

جو موت آئے مجکو تو یثرب میں آئے
میسّر وہاں کا کفن ہو الٰہی

پسند آئیں ایسی مدینے کی گلیاں
فراموش دل سے وطن ہو الٰہی

گنہگار دوزخ میں جائیں نہ ہرگز
جو رحمت تری جوش زن ہو الٰہی

نہ کم سر سے سودا ہو زلفِ نبیؐ کا
زیادہ یہ دیوانہ پن ہو الٰہی

کھلیں داغ عشقِ نبیؐ صورتِ گل
مرا سینہ رشکِ چمن ہو الٰہی

کرے خواہشِ باغِ جنت نہ حاذق
میسّر جو طیبہ کا بن ہو الٰہی

غزل نعتیہ از تصنیف محمد یٰسین حازم مؤلف گلدستہ ہٰذا ساکن ڈبن گریس تعلقہ داور

بلالو ہند سے طیبہ میں یا خیر الورا ہم کو
دکھادو صورت زیبا محمد مصطفےٰ ہم کو

تمہارے ہجر میں بیچین ہوں صبح و مسا ہر دم
خدا کے واسطے صورت دکھادو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کو

سوا نیزے پہ جب خورشید ہو روزِ جزا حضرتؐ
چھپانا اپنے دامن میں شہؐ ہر دو سرا ہم کو

تمھیں ہو شافع محشر تمھیں ہو مالک جنت
قیامت میں جہنم سے بچانا یا شہا ہم کو

ستاتی ہے بہت دوری ہمیں تیری یہاں شاہا
خدا کے واسطے جلدی مدینہ میں بلا ہم کو

ابھی مٹ جائے دل سے گلشن فردوس کی حسرت
نظر آئے جو حازم روضۂ خیر الورا ہم کو

غزل نعتیہ از تصنیف جناب مولوی شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان حنفی مقیم بوسید

بزم میلاد محمد میں جو آجاتا ہون
ذکر مولود نبی سب کو سنا جاتا ہون

بزم میلاد شہِ دین کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲ جو سنتا ہون خبر
فرطِ الفت سے میں مانند صبا جاتا ہون

کہتا ہی ابر خداوند کی رحمت کا یہی
بزم مولود شہ دین مین داخل ہو کر
جو خداوند سے مانگوگے یہان پاؤگے

بزم میلاد محمدؐ پہ مین چھاجاتا ہون
مین بھی عشاق محمدؐ مین گنا جاتا ہون
اہل محفل کو یہ مین مژدہ سناجاتا ہون

اللہم صل علی سیدنا و مولانا محمدؐ و بارک وسلم

ختم ہوجاتی ہی جب محفل میلاد نبیؐ
ہو کے غمگین مین خاقان چلا جاتا ہون

وعلی آل سیدنا و مولانا محمدؐ وبارک وسلم

غزل نعت شریف حضرت سیدنا مولانا محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ وصحابہ وسلم از تصنیف جناب محمدؐ قاسم صاحب حسان مؤلف چراغ حسان صدر مدرس ڈگرس

مجھے اپنا جلوہ دکھا دو محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم
مرے دلکو شیدا بنا دو محمدؐ

نہین ہند مین اب طبیعت بہلتی
مدینہ مین مجھکو بلا دو محمدؐ

طبیعت پریشان ہے ملک دکن مین
مدینہ مین جلدی بلا دو محمدؐ

جلی جاتی ہی جان سوز الم سے
مرے دلکی آتش بجھادو محمدؐ

غم و رنج مین مبتلا ہون مین ہر دم
مجھے قید غم سے چھڑا دو محمدؐ

یہی کہتا حسان صبح و مسا ہی
مجھے اپنا جلوہ دکھادو محمدؐ

غزل نعتیہ از تصنیف محمدؐ یٰسین حازم حنفی مؤلف گلدستہ ہذا ساکن ڈگرس تعلقہ دارو

یارسولؐ عربی در پہ بلایا ہوتا
اور دیدار مجھے اپنا دکھایا ہوتا

آرزو اس دل بیتاب کی پوری ہوتی
آپ نے روئے منور جو دکھایا ہوتا

سرمۂ طور کی کرتا نہ ہوس مین جو کبھی
خاک روضۂ کو آنکھون مین لگایا ہوتا

کب تلک آتش فرقت مین جلاؤن دلکو
آب وصلت سے کہین اسکو بجھایا ہوتا

میرا ہوتا جو گذر روضۂ شہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حازم
یہ قصیدہ شہ انور کو سنایا ہوتا

عزیزو شافع محشر محمد ہی تو کیا غم ہی
مرا آقا مرا رہبر محمد ہی تو کیا غم ہی

قیامت مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی حامی مرا یارو
نہین عصیان کا مجکو ڈر محمد ہی تو کیا غم ہی

رہائی ہے مجھے رنج والم سے دوستو حاصل
ہمیشہ اب مرے لب پر محمدؐ ہے تو کیا غم ہی

محمدؐ کی عنایت سے مرا جنت مین گھر ہو گا
مرا حامی مرا یاور محمدؐ ہے تو کیا غم ہی

نہ رکھ عصیان کا حازم ڈر شفاعت کو محمدؐ ہی
مددپر شافع محشر محمدؐ ہے تو کیا غم ہے

غزل نعتیہ از تصنیف جناب شیخ محمدؐ صاحب متخلص خاقان مولود خوان مقیم پوسد ضلع ایوت محل

محمدؐ مصطفے صلّ علیٰ کی آج محفل ہے
شہ ہر دو سرا صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

ملائک اس مین داخل ہو کے پڑھتے ہین درود اُنپر
محبوب خدا صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

خبر کردو یہ سب کو سننے آئین مدح حضرتؐ کو
حبیب کبریا صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

یہان سب باوضو بیٹھین نہ بیٹھے بے وضو کوئی
یہ حضرت مصطفےؐ صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

ملائک لیکے رحمت آتے ہین اس بزم اقدس مین
یہ شاہؐ انبیا صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

پڑھو مولود خوانون شوق سے نعت رسول اللہ
شہنشاہ ہدا صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

پڑھو تم نعتیہ غزلون کو اس مجلس مین ای خاقان
یہ فخر انبیاؐ صلّ علیٰ کی آج محفل ہی

قصیدۂ مولف

خدایا مرتے دم میری زبان سے مصطفے نکلے
محمدؐ مصطفے صلّ علےٰ صلّ علیٰ نکلے

ہمیشہ نام محبوب الٰہی ہو مرے لب پر
سدا دل سے مرے صلّ علیٰ صلّ علیٰ نکلے

مدینہ مین مجھے آئے قضا یا خالق عالم
تمنا ہو مری پوری یہ دل کا حوصلہ نکلے

وصال سرور کونین کا محتاج ہون یارب
پلادے وصل کا ساغر کہ دلکا حوصلہ نکلے

بلا لیجے مدینہ مین کہین حازم کو اب جلدی
کہ ارمان دلی اوسکا محمدؐ مصطفے نکلے

قصیدۂ مولف

ازل سے دوستو شیدا محمدؐ مصطفےٰ کا ہون
محمدؐ مصطفےٰ شاہنشہ ہر دو سرا کا ہون

بوقت پرسش محشر یہی مین صاف کہدونگا
خدایا اُمتی مین حضرت خیر الورا کا ہون

نہین ہے خوف مجکو واعظو روز قیامت کا
نبیؐ کا اُمتی بندہ جناب کبریا کا ہون

مرا آقا مرا سرور مرا یاور محمدؐ ہے
نہین مجکو غم محشر کہ بردہ مصطفےٰ کا ہون

یقین ہے حق تعالیٰ سے مجھے جنت عطا ہوگی
کہ مین حازم ثناخوان خاص محبوبؐ خدا کا ہون

قصیدہ مولف

بلاؤ سوئے طیبہ ہر سبحان یارسولؐ اللہ
یہان ہون ہجر مین از حد پریشان یارسولؐ اللہ

دکھاؤن کیا بھلا صورت خداوند دو عالم کو
گناہون سے بہت ہون مین پشیمان یارسولؐ اللہ

دکھا دو روضۂ اقدس تمنا ہے یہی دلکی
مین دیکھون گلشن جنت ہے ارمان یارسولؐ اللہ

ہو بخکر روضۂ انور پہ یہ دل مین تمنا ہے
شہیدی کی طرح ہوجاؤن قربان یارسولؐ اللہ

بچانا حشر کے دن مجکو دوزخ سے شہ عالم
کہ ہون خوف جہنم سے پریشان یارسولؐ اللہ

بوقت نزع نکلے نام منھ سے آپکا او سکے
یہی ہے حازم کمتر کا ارمان یارسولؐ اللہ

قصیدۂ مولف

مین ہو پہونچون مدینہ خدا کہتے کہتے
خدا اور شاہ ہدا کہتے کہتے

الٰہی تمنا ہے جاؤن مدینہ
چلون مصطفےٰ مصطفےٰؐ کہتے کہتے

خدایا کرم تیرا مجھ پر ہو ایسا
لکھون نعت صل علیٰ کہتے کہتے

خدایا ہو لب پر محمدؐ محمدؐ
کٹے عمر یا مصطفےٰ کہتے کہتے

دم مرگ ارمان یہ پورا ہو یارب
نکلجائے دم مصطفےٰ کہتے کہتے

مدینہ مین حازم کا مدفن ہو یارب
بر آئے یہ مقصد مرا کہتے کہتے

مؤلف قصیدہ

مجکو طیبہ مین بلانا یا محمد رسول	روضۂ اقدس دکھانا یا محمد رسول
آپکی فرقت مین کب تک مین سہون رنج والم	تیغ غم سے دل ہے پارا یا محمد رسول
آپکا شیدا ہون حضرت وصل کا محتاج ہون	وصل کا ساغر پلانا یا محمد رسول
روز محشر کا ہے کیونکر بھلا ہمکو خطر	جب سہارا ہو تمہارا یا محمد رسول
جان نکلے جب مرے تن سے خداوند جہان	نکلے اُسدم لب سے کلمہ یا محمد رسول

اپنے روضہ پر بلالو حازم کمتر کو آپ
شیفتہ ہے وہ تمہارا یا محمد رسول

قصیدۂ مولف

یا خدا دکھلا مدینہ مصطفےٰ کیواسطے	مصطفےٰ شاہنشہ ہر دوسرا کیواسطے
جان بلب ہون صدمۂ ہجر نبی سے یا خدا	مجکو پہونچا دے مدینہ مصطفےٰ کیواسطے
آپکی فرقت کے غم نے کردیا لاغر مجھے	لو خبر میری جناب کبریا کیواسطے
یا خدا رنج فراق شاہ سے ناچار ہون	دے چھڑا اس رنج سے خیر الوریٰ کیواسطے
فرط عصیان سے نہ مین روز جزا شرمندہ ہون	رکھ حیا میری خدایا مصطفےٰ کیواسطے

حازم کمتر ہے مجرم اور عاصی یا غفور
بخشدے اوسکو محمد مصطفےٰ کیواسطے

غزل نعتیہ از تصنیف جناب مولانا شیخ محمد صاحب خاقان مولودخوان مقیم پوسد

آپکا جسدم رخ زیبا نظر آیا مجھے	نور خلاق جہان مولا نظر آیا مجھے
شکر حق روئے شہ بطحا نظر آیا مجھے	ہون مین ششدر کیا کہون یہ کیا نظر آیا مجھے

حق تو یہ ہی آپ کے کوچہ مین یا شاہ ہدا
جنت الفردوس کا نقشہ نظر آیا مجھے

دور دل سے ہو گیا گلزار جنت کا خیال
خواب مین جب آپکا کوچہ نظر آیا مجھے

جن و انسان دیکھی اور حور و غلمان مین حسین
آپ سا کوئی نہین شاہا نظر آیا مجھے

کیون نہ نظرون سے گرا دون مین تجھے ای آفتاب
سرورِ دین کا رُخ زیبا نظر آیا مجھے

ہو گیا دل صاف میرا جب ترے اذکار سے
یا خدا جلوہ ترا ہر جا نظر آیا مجھے

اے دل شیدا خیال باغ جنت دور کر
عالم رویا مین اب طیبہ نظر آیا مجھے

ہو گیا خاقان مین حیران مثالِ آئینہ
جب شہِ لولاک کا جلوہ نظر آیا مجھے

غزل در نعت شریف حضرت سیدنا مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ و صحابہ وسلم از تصنیف جناب شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان صاحب دیوان حنفی مقیم پوسد ضلع ایوت محل

ہے صل علی ورد اکثر ہمارا
فدا دل ہے روئے نبی پر ہمارا

کہین رنگ لائے مقدر ہمارا
ہو گلزار طیبہ مین بستر ہمارا

گرا آنکھ سے اشک یاد نبی مین
ہے انمول ای دل یہ گوہر ہمارا

پڑہین شعر اوصاف ابروے شہ مین
چلے دشمنِ دین پہ خنجر ہمارا

ثنا خوان ہین ہم قامتِ شاہ دین کے
دماغ اندنون ہے فلک پر ہمارا

رخ و چشم حضرت کا ہے عشق ہم کو
ہے جنت ہماری ہے کوثر ہمارا

زبان پر ہے توصیف ابروے احمد
عجب رکھتا جوہر ہے خنجر ہمارا

تڑپ جائے یادِ رخ شاہ مین دل
ہو رقصان یہ لوٹن کبوتر ہمارا

لکھا کرتے ہین ہم سدا وصفِ حضرت
ہے پر نعتِ احمد سے دفتر ہمارا

لکھا ہم نے ہے وصف گیسوئے احمد
دماغ اسلئے ہے معطر ہمارا

تمنا ہوئی دل کی خاقان پوری
ہوا ساتھ حضرت کے محشر ہمارا

قصیدۂ مؤلف

اسلئے ہے مجھے اے دوستو حسرت افسوس
شہ دین کی ہوئی اب تک نہ زیارت افسوس

دل مین دیدار محمدؐ کی ہے حسرت ازحد
پر میسر نہین ہوتی ہے زیارت افسوس

مجکو بلوالو خدا کے لئے جلدی حضرتؐ
آپ کے ہجر مین ہے مجھپہ مصیبت افسوس

روضۂ پاک پہ جلدی سے بلالو مولا
یان ستاتی ہے مجھے آپکی فرقت افسوس

ایک تو بوجھہ گناہون کا ہے سر پر میرے
دوسری ہجر کی ہے مجھپہ مصیبت افسوس

لُطف سے حازم کمتر کو بلالو حضرتؐ
ہجر مین اوسکی بہت غیر ہے حالت افسوس

غزل نعتیہ از تصنیف جناب مولوی شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان حسب ضا دیوان مقیم پوسید

نظر آئی جس دم بہارِ مدینہ
ہوا قلب مضطر نثارِ مدینہ

عجب ہے محبو و قارِ مدینہ
ہے فردوس اعلیٰ بہار مدینہ

فلک سے اسے دینا نسبت خطا ہے
فلک سے ہے بڑھکر وقارِ مدینہ

نہ تاخیر کیجئے بلانے مین مجکو
برائے خدا تاجدارِ مدینہ

لگائے کوئی مثل سرمہ الٰہی
مری آنکھ مین اب غبارِ مدینہ

گل باغ جنت کے بدلے الٰہی
چنون اپنے دامن مین خارِ مدینہ

نہین طالب دولت و زر ہون یارب
لقب ہو مرا خاکسارِ مدینہ

نکرا ے پری تو تیا کی تمنا
لگا آنکھ مین تو غبارِ مدینہ

خوشی ہو مجھے عید کی طرح حاصل
نظر آئین گر شہسوار مدینہ

مرے گلشنِ قلب مین یا الٰہی
تمنا ہے پیدا ہون خارِ مدینہ

ہوئی آرزو میری خاقان پوری
دکھائی خدا نے بہارِ مدینہ

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی محمد قاسم صاحب حسان صدر مدرس مدرسہ ہندستانی ڈگرس

سن مرا مدعا برائے خدا	فخر شاہ و گدا برائے خدا
نزع مین مصطفٰے آ برائے خدا	جلد تشریف لا برائے خدا
سید ہا رستہ دکھا برائے خدا	خضر کے رہنما برائے خدا
میرا پیغام اے صبا شہ کو	جلد جا کر سنا برائے خدا

نام حسان کر اپنے بردون مین
اے شہ دوسرا برائے خدا

قصیدہ مؤلف

جس نے دیکھا شہ کونین کا روضہ ہوگا	بخدا خلد یہ اوس شخص کا قبضہ ہوگا
وصف جس شعر مین قامت کا ترے ہوگا رقم	ہے یقین شعر وہ غیرت دہ طوبیٰ ہوگا
ہجر دندان محمد مین محبو میرا	اشک آنکھون سے ٹپک کر دُر یکتا ہوگا
روضہ شاہنشہ لولاک کا مین دیکھونگا	مری قسمت مین خدا نے جو یہ لکھا ہوگا

ہے یقین باغ جنان اوسکو ملیگا حازم
عشق جسکو شہ لولاک لما کا ہوگا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی شیخ محمد صاحب خاقان معلو خوان حنفی سلمہ اللہ الولی القوی مقیم بو

درگاہ الٰہی مین دعا میری یہی ہے	دیدار نبی کا ہو تمنائے دلی ہے
اللہ کے محبوب و رسول آپ ہین حضرت	ہے میرا عقیدہ یہی ایمان یہی ہے
یون مہر نبوت کا کہین آپکی بوسہ	یا حضرت احمد یہ تمنائے دلی ہے
ہے ورد جسے نام مبارک کا تمہارے	بے شک وہ بشر پاشہ کونین ولی ہے
عشاق نبی آئین صفت سننے نبی کی	گھر آج مرے محفل میلاد نبی ہے
تعریف جناب شہ لولاک کی سنکر	ہر سامعین کی روح یہان جھوم رہی ہے

چھوآئی ہو تو زلف شہ کون و مکان کو
اے باد صبا اسلئے عنبر مین بسی ہے

کیونکر نہ اوٹھون قبر سے مین روز قیامت
دن وعدۂ دیدار محمدؐ کا یہی ہے

آتا ہے نظر نور جدہر دیکھتا ہون مین
پرُ نور جناب شہ انورؐ کی گلی ہے

صد شکر کہ اب مین بھی ثنا خوان ہون اوس کا
قرآن مین ثنا جنکی خداوند نے کی ہے

کس طرح نہ ہو ناز مجھے بخت پر اپنے
خدمت مجھے محبوبؐ الٓہی کی ملی ہے

ہو جاؤن فنا عشق مین محبوب خدا کے
خالق سے دُعا بندۂ خاقان کی یہی ہے

قصیدۂ مؤلف

مدینہ مین مجکو بلا لو نبیؐ جی
بلا لو نبیؐ جی بلا لو نبیؐ جی

جدائی کے صدمے اوٹھاؤن مین کب تک
مجھے اپنے در پر بلا لو نبیؐ جی

بلا لو مجھے جلد طیبہ مین حضرتؐ
مرے دل کی حسرت نکالو نبیؐ جی

ستاتی ہے فرقت تمھاری مجھے اب
یہ مجھپر مصیبت ہے ٹالو نبیؐ جی

بلا کر مدینہ مین یا سرورؐ دین
مجھے اپنا خادم بنا لو نبیؐ جی

گناہون کے دریا مین ہم ڈوبتے ہین
اس آفت سے ہم کو بچالو نبیؐ جی

تمھاری جدائی مین حازم ہے مضطر
اوسے ہند سے اب بلا لو نبیؐ جی

قصیدۂ مؤلف

محمدؐ کے روضہ پہ جایا کرین ہم
محمدؐ کا دیدار پایا کرین ہم

دعا تجھسے ہے یا الٓہی سدا یہ
مدینہ کو ہر سال جایا کرین ہم

خبر لو ہماری شہؐ دین کب تک
غم و رنج فرقت کا کھایا کرین ہم

اگر ہو میسر ہمین خاک روضہ
تو آنکھون مین اپنی لگایا کرین ہم

یہ حسرت ہے دلکی ہمارے محمدؐ
کہ خادم تمھارے کہایا کرین ہم

تمنا ہے حازم کہ قبرِ نبیؐ پر
سدا چادرِ گل چڑہایا کرین ہم

قصیدۂ مؤلف

تمھارے ہجر مین ہمکو بہت اب بیقراری ہی
مدینہ مین بلا لیجئے یہی حسرت ہماری ہی

جنابِ سرورِ دین رحمۃ للعالمین احمدؐ
بلا لو ہند سے طیبہ مین یہ حسرت ہماری ہی

بلا لیجئے بلا لیجئے مجھے اب اپنے روضہ پر
تمھارے ہجر مین دن رات حضرت بیقراری ہی

تمھارے طالبِ دیدار ہم ہین یارسولؐ اللہ
دکھادو صورتِ زیبا تمنا یہ ہماری ہی

بلالو حازمِ کمتر کو اب جلدی مدینہ مین
تمھارے ہجر مین اوسکو نہایت بیقراری ہی

قصیدۂ مؤلف

شاہ دین نورِ خدائے ایزدِ غفار ہے
بادشاہِ انس و جان ہے سیدِ ابرار ہے

انکی خاطر حق نے ہے کونین کو پیدا کیا
دونون عالم کا انہین کو کر دیا سردار ہے

مومنو اپنا پیمبر سرورِ ہر دو سرا
کارخانہ کا خدائے پاک کے مختار ہے

ہین جو مشرک اور کافر اور کاذب دوستو
اونپہ خلاقِ جہان کی لعنت و پھٹکار ہے

بخشدیجے حازم و خاقان کو بہرِ نبیؐ
عرض اونکی آپ سے یا ایزدِ غفار ہے

قصیدۂ مؤلف

تمھارے ہجر مین مجکو ہمیشہ آہ و زاری ہے
الم ہے رنج ہے غم ہے قلق ہے بیقراری ہے

ترٹپتے ہین ہمیشہ ہم تمھارے ہجر مین حضرت
بلالو روضۂ اقدس پہ یہ مرضی ہماری ہے

تمنا ہے کہ جاکر ہند سے سوئے عرب جلدی
درِ شہؐ کے بنین جاروب کش مرضی ہماری ہے

تڑپتا ہون دیارِ ہند مین تیری جدائی مین
بلالے جلد طیبہ مین کہ از حد بیقراری ہے

رسول اللہ کے روضہ پہ جاکر جلد لے حازم
چڑھا ئین چادرِ گل اب یہی حسرت ہماری ہے

قصیدۂ مؤلف

نہین ہون تیرے در پہ آنے کے قابل
نہین ہون مین صورت دکھانے کے قابل

گنہگار ہون یا الٰہی بہت ہی
نہین مین ہون صورت دکھانے کے قابل

بلا لیجیے طیبہ مین جلدی کہ مین ہون
نہین بار فرقت اوٹھانے کے قابل

گناہون نے شرمندہ ایسا بنایا
نہین ہون مین چہرہ دکھانے کے قابل

دکھا شکل حازم کو اے کملی والے
نہین وہ رہا اب ستانے کے قابل

قصیدۂ مؤلف

مدینہ مین مجکو بلا و محمدؐ
رخ پاک اپنا دکھا و محمدؐ

خدا کے لئے آب دیدار سے اب
لگی دل کی میرے بجھا و محمدؐ

ہے حسرت کہ دیکھون مین روضہ کو جلدی
خدا کے لئے اب بلا و محمدؐ

بلاکر مدینہ مین مجکو خدارا
کہین جام وصلت پلا و محمدؐ

نہین مجکو باغ جنان کی تمنا
کہین اپنا روضہ دکھا و محمدؐ

یہی ورد حازم کو صبح و مسا ہے
مجھے اپنا خادم بنا و محمدؐ

قصیدۂ مؤلف

اب رحم صبا مجھپہ کہین کھائے تو اچھا
حضرت کو خبر میری یہ پہونچائے تو اچھا

ہے حق سے دعا میری یہی صبح سے تا شام
دم یاد مین حضرت کے نکلجائے تو اچھا

دیدار محمدؐ کا مین مشتاق ہون یارب
دیدار وہ اپنا مجھے دکھلائے تو اچھا

ان آنکھون سے محبوبؐ الٰہی کو مین دیکھون
یہ دلکی تمنا مرے بر آئے تو اچھا

حازم کی یہ ہے عرض رسولؐ عربی سے
وہ روضہ پہ اپنے مجھے بلوائے تو اچھا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی مولانا شیخ محمد صاحب بتخلص خاقان مصنف و مؤلف گلدستہ خاقان ولوح سلیمانی حصۂ چہارم مقیم پوسد ضلع ایوت محل ملک برار

محفل میلاد مین با شوق جاتا جاؤنگا
ذکر محبوبؐ خدا سنتا سناتا جاؤنگا

تخم نیکی مزرع عقبیٰ مین بوؤنگا مدام
یاد حضرتؐ مین سدا آنسو بہاتا جاؤنگا

رہکے خدمت مین محمدؐ مصطفےٰ کی ہمدمو
جان و دل اپنا نبیؐ پر مین لٹاتا جاؤنگا

مجمع محشر مین سن لونگا جو آتے ہین نبیؐ
فرش آنکھون کا سر محشر بچھاتا جاؤنگا

عاشق نعت نبی ہون خلد مین بھی دیکھنا
نعتیہ غزلون کو حورون سے گواتا جاؤنگا

کیا خوشی ہوگی مجھے روز جزا اے دوستو
حشر مین جب عاشق احمدؐ کہاتا جاؤنگا

حشر مین کہتا ہے لطف شہؐ باآواز بلند
مین گنہگارون کو حق سے بخشواتا جاؤنگا

خوبی قسمت سے ملجائے جو نعل مصطفےٰؐ
چومتا جاؤنگا آنکھون سے لگاتا جاؤنگا

کہتا ہے خاقان مین ہون بندۂ رب جہان
روبروے حق ہمیشہ سر جھکاتا جاؤنگا

قصیدۂ مؤلف

صبا جا کر مری فخر مسیحا کو خبر کردے
مریض ہجر کا جلدی علاج پُر اثر کردے

مجھے پہونچا دے یثرب تک یہی ہے آرزو میری
مرے نخل تمنا کو خدایا بارور کردے

تڑپتا ہون مثال مرغ بسمل تیری فرقت مین
رسولؐ اللہ میرا دور یہ درد جگر کردے

مین پہونچون جلد طیبہ مین یہی ہے آرزو دل مین
الٰہی روضۂ احمدؐ پہ تو میرا گذر کردے

تڑپتا ہے تری فرقت مین حازم رات دن شاہا
خداکے واسطے اسپر عنایت کی نظر کردے

قصیدۂ مؤلف

جلد سوئے مدینہ تو جانا ہما — حال میرا نبی کو سنانا ہما
جاکے روضہ پہ حضرت کے ہی آرزو — چادر گل کہین اب چڑہانا ہما
میری جانب سے پڑھنا بہت ان درود — کوے شہ مین ہو جب تیرا جانا ہما
ہون مین عاشق جناب شہ دین کا — مدح حضرت تو مجکو سنانا ہما

ہے یہی عرض تجھسے ہی اب کہین
شعر حازم نبی کو سنانا ہما

غزل در منقبت حضرت خواجہ خواجگان ولی الہند سیدنا و مولانا خواجہ معین الدین سنجری چشتی اجمیری رضی اللہ تعالی عنہ

از تصنیف محمد یٰسین حازم حنفی مؤلف گلدستہ ہذا ساکن کرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل

مجھے جلوہ دکھا دینا معین الدین اجمیری — کہ مین ہون آپکا شیدا معین الدین اجمیری
ترے الطاف سے مجکو ملیگا باغ رضوانی — مین ہون خادم تری درکا معین الدین اجمیری
ولیون مین کیا تجکو خدا نے شاہ ہی سبکا — نہین کوئی ترے جیسا معین الدین اجمیری
مین شیدا ہون ترا خواجہ بلاکر جلد مجکو تو — دکھادے اب رخ زیبا معین الدین اجمیری
نہین ہے مجکو گلزار بہشتی کی ذرا پروا — ہون خادم ترے درکا معین الدین اجمیری
غریبون اور فقیرون اور یتیمون کے معاون ہین — مرے خواجہ مرے مولا معین الدین اجمیری

در دولت پہ مجھ حازم کو بلوا لیجئے مولا
پریشان حال ہون خواجہ معین الدین اجمیری

قصیدۂ مؤلف

تڑپتا ہے تری فرقت مین حازم رات دن شاہا
خدا کے واسطے اسپر عنایت کی نظر کر دے

قصیدۂ مؤلف

جلد سوئے مدینہ تو جا نا ہما
حال میرا نبیؐ کو سنا نا ہما

جا کے روضہ پہ حضرتؐ کے ہی آرزو
چادر گل کہین اب چڑہا نا ہما

میری جانب سے پڑھنا ہےؐ ان درود
کوئے شہ مین ہو جب تیرا جانا ہما

ہون مین عاشق جناب شہؐ دین کا
مدح حضرتؐ تو مجکو سنا نا ہما

ہے یہی عرض تجھسے ہی اب کہین
شعر حازم نبیؐ کو سنا نا ہما

غزل در منقبت حضرت خواجہ خواجگان ولی الہند سیدنا و مولانا خواجہ معین الدین سنجری چشتی اجمیری رضی اللہ تعالی عنہ

از تصنیف محمد یٰسین حازم حنفی مؤلف گلدستہ ہذا ساکن کرس تعلقہ دار وہ ضلع ایوت محل

مجھے جلوہ دکھا دینا معین الدینؒ اجمیری
کہ مین ہون آپکا شیدا معین الدینؒ اجمیری

ترے الطاف سے مجکو ملیگا باغ رضوانی
مین ہون خادم تری در کا معین الدینؒ اجمیری

ولیون مین کیا تجکو خدا نے شاہ ہی سبکا
نہین کوئی ترے جیسا معین الدینؒ اجمیری

مین شیدا ہون ترا خواجہ بلا کر جلد مجکو تو
دکھا دے اب رخ زیبا معین الدینؒ اجمیری

نہین ہے مجکو گلزار بہشتی کی ذرا پروا
ہون خادم ترے در کا معین الدینؒ اجمیری

غریبون اور فقیرون اور یتیمون کے معاون ہین
مرے خواجہ مرے مولا معین الدینؒ اجمیری

در دولت پہ مجھ حازم کو بلوا لیجئے مولا
پریشان حال ہون خواجہ معین الدینؒ اجمیری

قصیدۂ مؤلف

یا نبی ؐ کہتا ہون جب روضۂ شہ پر جاکر
اُمتی کی شہِ کونین صدا دیتے ہین

ہجر شاہنشہِ لولاک ہین نالے میرے
ساکنِ چرخ کے دل یارو ہلا دیتے ہین

باغ جنت کا قبالہ تجھے خاقان اس دم
اِس غزل کا صلہ محبوب ؐ خدا دیتے ہین

غزل فی الشان جناب فیض مآب پیر دستگیر زبدۃ السالکین قدوۃ العارفین محبوب سبحانی قطب ربانی غوث الصمدانی سیدنا و مولانا حضرت شیخ محی الدین سید عبدالقادر جیلانی البغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ از تصنیف جناب شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان سلمہ اللہ الرحمان مقیم پوسد ضلع ایوت محل ملک (برار)

محب خالق اکبر محی الدین ؓ جیلانی
عزیز شافع محشر محی الدین ؓ جیلانی

مرے حامی مرے یاور محی الدین ؓ جیلانی
مرے رہبر مرے سرور محی الدین ؓ جیلانی

گدا ہون آپ کے در کا نہین خواہش ہے شاہی کی
محب حضرت داور محی الدین ؓ جیلانی

تمہارے ہجر مین دن رات مضطر ہون کن مین مین
بلا لیجے مجھے در پر محی الدین ؓ جیلانی

پلا کر جام عرفان کا بنا دیجے مجھے بیخود
نہ کیجے دیر اب دم بھر محی الدین ؓ جیلانی

مرا بھی نام کیجئے کفش برداروں مین تم اپنے
حبیب خالق اکبر محی الدین ؓ جیلانی

بلا لیجے مجھے در پر دکھا دیجے رُخِ انور
برائے احمد ؐ اطہر محی الدین ؓ جیلانی

تمہارا ہون مرید و خادم و مملوک مین شاہا
مجھے ہے ناز قسمت پر محی الدین ؓ جیلانی

مرید و مدح خوان ہے آپ کا یہ عاجز خاقان
ترحم کیجئے اسیر محی الدین ؓ جیلانی

غزل فی الشان حضرت خواجۂ خواجگان سیدنا و مولانا خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی بہشتی اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ از تصنیف جناب شیخ محمد صاحب خاقان مولود خوان مقیم پوسد

دکھا دے یا خدا چہرہ معین الدین ؓ چشتی کا
کہ ہون مین والہ و شیدا معین الدین ؓ چشتی کا

دہن سے نام جب نکلا معین الدین چشتی کا
کہا سب نے مجھے شیدا معین الدین چشتی کا

عطا ہو خالقِ کونین مجکو بادۂ عرفان
کہ ہون مین چاہنے والا معین الدین چشتی کا

خداوندجہان مجکو برائے احمدِ مرسل
دکھا دے جلد تر روضہ معین الدین چشتی کا

تمنا کب دل بیتاب کی بر آئیگی اپنے
نظارہ کب ہمین ہوگا معین الدین چشتی کا

سدا سرشار ہے وہ بادۂ عرفان سے اے یارو
جسے ہے عشق احمد کا معین الدین چشتی کا

تصور ہر گھڑی ہر لحظہ ہے خاقان عاجز کو
علاؤ الدین صابر کا معین الدین چشتی کا

غزل جناب شیخ محمد صاحب خاقان موضع نوجوان مقیم پوسدر در توصیف حضرت قطب العالم السیادت اسیر شیمۂ فیض برکات قمر آسمان طریقت شمس فلک معرفت و حقیقت رکن الملت بہان الشریعت حضرت سیدنا و مولانا حاجی سید شاہ محمد دیوان صاحب رحمۃ اللہ تعالی علیہ مزار شریف رصحرائی منگرول پیر

یا خدا ہر شہنشاہ رسالت مجکو
جلد ہو حضرتِ دیوان کی زیارت مجکو

ہے دعا حق سے کہ تا روز قیامت مجکو
عشقِ دیوان کے مرض سے نہ ہو صحت مجکو

دیکھکر کوچۂ دیوان کو یہی مین نے کہا
جیتے جی آیا نظر گلشنِ جنت مجکو

یاد مین ابروے خمدار شۂ عالم کے
بخدا دوستو ہے شوقِ شہادت مجکو

خواب مین روے منور نہ تمھارا دیکھا
یا شہنشاہ جہان ہے یہی حسرت مجکو

عشق دیوان کا بیمار ازل سے مین ہون
اے مسیحا نہین درکار ہے صحت مجکو

حشر مین الفت دیوان کی بدولت اے دل
ہوگیا حق سے عطا گلشن جنت مجکو

عرض ہے آپ سے خاقان کی یہی شام و سحر
اپنی خدمت مین بلا لیجئے حضرت مجکو

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی محمد قاسم صاحب حسان صدر مدرس مدرسۂ ہندوستانی ڈگرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل ملک برار

ہو اگر سوئے عرب ہند سے جانا میرا
فضل حق سے ابھی ارمان ہو پورا میرا

گر ہو کوئے شہ عالم مین گذارا میرا
جیتے جی گلشن جنت پہ ہو قبضہ میرا

یا نبیؐ بہر خدا جلد دکھا دو جلوہ
ہجر مین سخت ہے مضطر دل شیدا میرا

صدمۂ ہجر رُخِ بادشہِ عالم سے
ہو گیا صورتِ گل چاک کلیجہ میرا

سے ہے تمنا یہی اے خالقِ عالم میری
ہو لقب واصفِ شاہنشہِ والا میرا

مین ہون مداح نبیؐ اسلیئے حسان حزین
بول شعراء زمانہ مین ہے بالا میرا

غزل نعتیہ از تصنیف جناب منشی شیخ عبد الرسول صاحب خطیب باسم صاحب دیوان صدر مدرس مدرسۂ ہندوستانی پوسٹ ضلع ایوت محل ملک (برار)

رسولِ خالقِ اکبر کی کچھ مدحت سناتا ہون
ملک جن و بشر کو شیفتہ شہؐ کا بناتا ہون

گل رخسار احمدؐ کی صفت کچھ یان سناتا ہون
گل مضمون رنگین کا مین گلدستہ بناتا ہون

محمد مصطفےٰ جب ہے مرا آقا مرا حامی
عبث روز قیامت کا مین دلپر غم اوٹھاتا ہون

جلائے کسطرح مجکو عزیزو آتش دوزخ
شہؐ کون و مکان کے عشق مین دلکو جلاتا ہون

گلستان سخن سے مین گلِ مدحت کو چُن چُن کر
مزار سیدِ والا پہ گلدستہ چڑہاتا ہون

پریشان ہو گئی ہے ہند سے میری طبیعت اب
نہ روکو ہمدمو مجکو مدینہ کو مین جاتا ہون

بروز حشر فرحان ہو نگاہِ لطف یا حضرت
بُرا ہون یا بھلا ہون آپکی اُمت کہاتا ہون

سلام از تصنیف محمد یٰسین حازم مؤلف گلدستۂ ہذا بوقت قیام محفل میلاد خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام

یا حبیبؐ خدا السلام علیک
یا شہؐ انبیا السلام علیک

سرورِ دوسرا السلام علیک
ہادی و پیشوا السلام علیک

یا نبیؐ مصطفےٰ السلام علیک
سرورِ اولیا السلام علیک

شافع دوسرا السلام علیک
سرور اتقیا السلام علیک

یا رسولِ خدا السلام علیک
تم ہو نورِ خدا السلام علیک

دیجیے حازم کو بھی جواب سلام
وہ ہے کہتا سدا السلام علیک

سلام جناب مولوی شیخ محمدؐ صاحب خاقان مقیم یوسد بوقت قیام محفل حضرت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام

السلام اے حضرت احمدؐ نبیؐ
السلام اے نور اللہ القوی

السلام اے حضرتؐ خیر الوریٰ
السلام اے سرورِ ہر دو سرا

السلام اے حضرتِؐ شاہِ عرب
السلام اے سرور والا حسب

السلام اے حضرتِؐ شاہِ زمان
السلام اے باعثِ ہر دو جہان

السلام اے حضرتِؐ شاہ ہدا
السلام اے خاص محبوبؐ خدا

السلام اے حضرتؐ شاہِ امم
تم رسولؐ اللہ ہو حق کی قسم

التجا ہے آپ سے خاقان کی
اپنی خدمت مین بلا لو یا نبیؐ

مناجات جناب شیخ محمدؐ صاحب خاقان مولود خوان حنفی مقیم یوسد بدرگاہ پاک حضرت قاضی الحاجات مجیب الدعوات

یا خدا بہر احمدؐ اطہر
سرور دین محمدؐ اطہر

بہر اصحابؓ و اہلؓ بیت نبیؐ
کر دعائین مری قبول سبھی

وحدہٗ لا شریک ہے تو خدا
نہین معبود کوئی تیرے سوا

عالم الغیب ہے خدایا تو
ساتر العیب ہے خدایا تو

ہو میسر زیارت احمدؐ
لب پہ ہر دم ہو نام احمدؐ کا
یا خدا ہے یہی دعا تجھسے
دل سے ہو دور میرے ہر اک غم
یا الٰہی پئے شہ امت
نور ایمان کر عطا یا رب
اپنے فضل و کرم سے یا اللہ
جو پڑھاتے ہین شاہ کا مولود
جائین جنت مین حاضرین تمام
یا خدا بہر احمدؐ اطہر
یا خدا بہر مصطفےٰ مجھپر

ہو میسر شفاعت احمدؐ
مین کہاؤن غلام احمدؐ کا
خدمت مصطفےٰ مین پہنچادے
دو نون عالم مین مین ہون خرم
مرتے ہی کر عطا مجھے جنت
اور گنہ بخشدے ہمارے سب
بخشدے امت رسولؐ اللہ
کر عطا اونکو خلد اے معبود
بے کے محبوب کبریا کا نام
بخش کر مجھکو فضل کر مجھپر
اپنی رحمت مدام نازل کر

ورد خاقان کا ہو یا اللہ
دمبدم لا الٰہ الا اللہ

اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی ال سیدنا و مولانا محمد و بارک وسلم اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمدن النبی الامی و علی الہ و صحبہ وسلم سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون ۝ وسلام علی المرسلین ۝ والحمد للہ رب العلمین ۝

قطعات تواریخ طبع گلدستۂ حازم فی مدح حضرت رسولؐ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ و اصحابہ وسلم

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار گوہر بار مداح حضرت سید ابرار سیدنا و مولانا احمدؐ مجتبیٰ محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ الاطہار و اصحابہ الاخیار وسلم شاعر شیرین زبان جناب مخدومی استادی مولوی شیخ محمدؐ صاحب متخلص بہ خاقان مولود خوان صاحب دیوان حنفی سلمہ اللہ الولی القوی مقیم تعلقہ پوسد ضلع ایوت محل ملک برار ابن جناب شیخ بڑے صاحب مرحوم باسموی

حازم نے خوب لکھا یہ نعتیہ رسالہ	تاریخ اسکی مجکو لکھنا ہے آج لازم
کیجئے نہ فکر خاقان تاریخ ہے یہ اسکی	دل نے کہا کہ کہدو باغ کلام حازم

ایضاً

اس مین صفت سرورؐ دین صل علیٰ ہے	ہر عاشق مدح بنویؐ اسپہ فدا ہے
مقبول خداوند جہان ہے یہ رسالہ	وصف شہؐ لولاک لما اسمین لکھا ہے

ہر سمت سے غل صل علیٰ کا ہوا خاقان
جسوقت کہ یہ ذکر شہؐ دین چھپا ہے

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار گوہر بار مداح حضرت سید ابرار سیدنا و مولانا محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ الاطہار و اصحابہ الاخیار وسلم شاعر

شیرین زبان جناب مجبی منشی محمد قاسم صاحب متخلص بہ حسان حنفی سلمہ اللہ الولی القوی صدر مدرس مدرسہ ہندوستانی ڈگرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل ملک برار

ہوگیا حسان غل صلّ علی کا ہر طرف	چھپ گئی جب مدحت شاہنشہ دین دل پسند
لکھو اس گلدستۂ حازم کی تم تاریخ یوں	چھپ گئی اب مدحت شاہنشہ دین دل پسند ۱۳ ھ

قطعۂ تاریخ رقمزدہ کلک گوہر سلک مداح حضرت سید ابرار سیدنا و مولانا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ الاطہار و اصحابہ الاخیار وسلم شیدائے ذکر خاتم النبیین محمد لیسین متخلص بہ حازم حنفی مؤلف گلدستۂ ہذا ساکن قصبہ ڈگرس تعلقہ داروہ ضلع ایوت محل ملک برار ابن جناب شمس الدین صاحب ساکن ڈگرس

نعت رسول پاک خدائے کریم میں	فضل خدا سے میرا یہ گلدستہ ہے چھپا
حازم خدا کے فضل سے پوری ہوئی مراد	شکر خدا یہ۔ ذکر شہ دین چھپ گیا ۱۳ ھ

اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی آل سیدنا و مولانا محمد وبارک وسلم

اعلان۔ نہایت کفایت سے کتابیں اور چکن اور عطر و تمباکو خوردنی اس پتہ سے منگا لیجیے۔
محمد عبد اللہ تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع مجتبائی

گفتہ شیخ عبدالرسول خطیب باسم حال صدر مدرس پوسد

نخلِ امید ہر اک اب مرے سرور ہو گا
سامنے آنکھون کے کب گنبدِ اخضر ہو گا

قدِ محبوب کی گر لکھتا رہون مین توصیف
قد مرا غیرت شمشاد و صنوبر ہو گا

دیکھتا یون ہی رہے اشک جو فرقت مین روان
دیدۂ زار مرا چشمۂ کوثر ہو گا

قربِ ابرو نہین دنبالۂ سرمہ شاید
رکھا لشکر مین یہ خنجر تہ خنجر ہو گا

سجدۂ حق مین اگر سر کو جھکائینگے ہم
داغ پیشانی کا رشکِ مہ و اختر ہو گا

رنگ لائیگا غمِ داغِ فراقِ احمد
گل یہ گلدستۂ جنت سے بھی بڑھکر ہو گا

لبِ رنگین کے تصور مین شہِ والا کے
اشک آنکھون سے مرے لعل نمک تر ہو گا

ایسی چہکار بھلا بلبلِ گلشن کی کہان
نغمہ خوان بزم مین فرحانؔ سخنور ہو گا

نہ کسی غیر کا مین چاہنے والا بنکر
جاؤن گا سوئے عرب شاہ کا والا بنکر

واصفِ خالِ رخِ سید والا بنکر
چشمِ مخلوق مین رہتا ہون ستارا بنکر

دیکھ لی ہے جو تری خواب مین پیاری صورت
عشق کا تیر لگا دل پہ نشانا بنکر

فرقت شاہ کی گرمی ہے وہ دلین پنہان
خاک کر دے ابھی دوزخ کو شرارا بنکر

ٹکٹکی باندھکے منہ دیکھینگے اہل محشر
حشر مین آؤنگا جب آپ کا شیدا بنکر

طاعت حق نہ ہوئی تجھ سے دِلا اک لحظہ
کھو دیا عمر کو ناحق سگِ دنیا بنکر

دردِ ندان شہ دین کی صفت لکھتا ہون
نقطۂ شعر چمکتا ہے ستارا بنکر

عرض فرحانؔ کی ہے تجھ سے یہی خورشید عرب
تیرے کوچے مین رہون مین کہین ذرہ بنکر

جو مومن بزم میلادِ رسول اللہ مین آتے ہین
مراتب کیسے کیسے حق تعالی سے وہ پاتے ہین

ملک حور و پری فرش اپنی آنکھون کا بچھاتے ہین
جہان پر ہم رسول اللہ کا مولد پڑھاتے ہین

یہ وہ ہے محفل اقدس کہ ذوق و شوق سے آکر
پرِ طاؤس کا جبرئیل یان پنکھا ہلاتے ہین

مکان جنت مین پائینگے خدا سے وہ صلہ بیشک
رسول اللہ کا مولود جو گھر مین پڑھاتے ہین

پس مردن نمایان نور اونکی قبر مین ہوگا — جو بزم مصطفےٰ مین شمع کافوری جلاتے ہین

مثال گل مہکتے جائینگے وہ باغ جنت مین — جو عود اور عود بتی محفل شہ مین جلاتے ہین

پئینگے جام کوثر حشر مین حضرت کے ہاتھون سے — جو بزم مصطفےٰ مین چا اور کافی پلاتے ہین

جو کرتے مال و زر ہین خرچ میلاد شہ دین مین — مکان خلد بریں مین خاص وہ اپنا بناتے ہین

بلا مین رنج مین غم مین مصیبت و آفت مین — وسیلہ ہر جگہ حضرت کو ہم اپنا بناتے ہین

ہر اک شادی غمی مین اے عزیز و اہل عرفان — جناب میر کونین کا مولد پڑھاتے ہین

تو پھر کیونکر نہ ہم اسکو پڑھاوین شوق سے فرحان
کہ جب اہل مدینہ اہل بیت اللہ پڑھاتے ہین

پڑھو تم صدق دل سے مومنو ہر بار بسم اللہ — خدا کا حشر مین دکھلائیگی دیدار بسم اللہ

بخوشی شوق سے پڑھتے رہو ہر بار بسم اللہ — بنا دیتی ہے یہ آتش کو بھی گلزار بسم اللہ

رکھینگے ورد جو اس کا تو روز حشر یہ اونکو — دلائیگی خدا سے خلد کا گلزار بسم اللہ

مصیبت اور آفت مین جو کوئی اسکو پڑھتا ہے — تو کر دیتی ہے فوراً اوسکا بیڑا پار بسم اللہ

پس مردن جو اسکا داغ الفت لیکے جائیگا — بنا دیگی لحد کو غیرت گلزار بسم اللہ

نہ چھوٹیگی نہ چھوٹیگی دم آخر بھی یہ فرحان — کہ اب تو ہوگئی میرے گلے کا ہار بسم اللہ

لازم ہے مومنون کو وظیفہ درود کا — ہوتا ہے قدسیون مین بھی چرچا درود کا

اے حاضران بزم پڑھو شوق سے درود — بیشک حضور جائیگا تحفہ درود کا

پڑھنے سے اسکے ہوتا ہے دیدار مصطفےٰ — کیا جانے کوئی دوستو رتبہ درود کا

حوران خلد چھاتی سے اپنی لگائینگی — جائیگا جب بہشت مین شیدا درود کا

ظلمت کا خوف کیا ہے تجھے اے درود خوان — ہوگا تری لحد مین اوجالا درود کا

پڑھ پڑھ کے یاد روے محمد مین شوق سے
فرحان مین اب کھلاتا ہون غنچہ درود کا

غزل در توصیف حضرت سیدنا و مولانا مرشدنا سید عبد الرزاق صاحب قادری نقشبندی رفاعی بغدادیؒ مزار شریف در امراوتی (برار)

مرے آقا مرے رہبر جناب پیر بغدادی
تصدق جان ہے تم پر جناب پیر بغدادی

پلا دے جام عرفانی محی الدینؓ کے جانی
دکھا دے چہرۂ انور جناب پیر بغدادی

بنا دے اپنا دیوانہ بنا دے اپنا مستانہ
مرے جانی مرے دلبر جناب پیر بغدادی

مجھے خدمت میں بلوا لے محی الدینؓ کے پیارے
نہ اب مجکو پھرا در در جناب پیر بغدادی

لکھوں کیونکر ثنا تیری زبان قاصر ہے یان میری
محب خالق اکبر جناب پیر بغدادی

سسکتا ہوں تڑپتا ہوں تپ فرقت سے جلتا ہوں
پلا دو وصل کا ساغر جناب پیر بغدادی

نہ فرحان سے ہوئی خدمت یہ دل مین رہ گئی حسرت
مرے آقا مرے رہبر جناب پیر بغدادی

خدارا اب کسی صورت معین الدین اجمیری
دکھا اپنی مجھے صورت معین الدین اجمیری

کہاں ہے مجھ مین یہ طاقت معین الدین اجمیری
لکھوں گر کچھ تری مدحت معین الدین اجمیری

وہ حوران بہشتی کی طرف ہرگز نہ دیکھے گا
جسے ہوگی تری چاہت معین الدین اجمیری

بلا اجمیر مین مجکو بہت دلتنگ رہتا ہون
ستاتی ہے تری فرقت معین الدین اجمیری

تری مدحت سرائی کی بدولت اندنون میری
ہوئی عالم مین اب شہرت معین الدین اجمیری

مرے مرشد مرے رہبر مرے آقا مرے حامی
تری درکار ہے ہمت معین الدین اجمیری

دکھا دو بندۂ فرحان کو اپنا روضۂ اقدس
تمنا ہے یہی حضرت معین الدین اجمیری

کیا بان سکھی موری جان اوس محبوب خدا جو کہاوت ہے
وہ بادۂ عرفان پلاوت ہی اک آن مین مست بناوت ہے

سینے مین جب وہ آوت ہے اور اپنا روپ دکھاوت ہے
کیا بوون سکھی حالت اپنی سیماب مثال تڑپاوت ہے

واہ صل علی واہ صل علی ہر اک کی زبان پر آوت ہے
محفل مین غزل فرحان اپنی جب نعت نبی مین سناوت ہے

جب غور سے دیکھا ہر غنچہ مین گل و برگ و شجر ہر ڈالی مین
ہر جلوہ موہے نظر آوت ہے ترا جلوہ مجھ موہے آوت ہے

ملتا ہے مجھے اوس وقت مزہ کیا صل علی کیا صل علی
جب نام ترا لب پر موئے محبوب الٰہی آوت ہے

اکبار تو سپنے مین موہے صورت دکھا صورت دکھا
کیا ارج کرون تورے ہجر مین جان مری ہو نکسا جات ہے

معراج کی شب یہ حکم ہوا رضوان کو خدائے اکبر کا
آراستہ کر باغ جنت مورا اسیر کو دلبر آوت ہے

کٹی جرم و خطا مین عمر مری نیکی کا کیا نا کام کوئی
جب دھیان مین کرتا ہون اُس دم دل بہت گھبراوت ہے

کونین کے مالک سرور دین خدمت مین بلاؤ اسکو کہین
اب ہند مین یہ فرحان حزین دن رین بہت گھبراوت ہے

نہ اب مجبور در پھرا مجکو محی الدین جیلانی
حضوری مین بلا مجکو محی الدین جیلانی

پھنسا کر طائر دل میرا دام زلف مین اپنے
مصیبت سے چھڑا مجکو محی الدین جیلانی

پریشان گرمی خورشید سے ہون جبکہ محشر مین
تہ دامن چھپا مجکو محی الدین جیلانی

مرے دل مین نہین قصر جنان کی آرزو بالکل
فقط روضہ دکھا مجکو محی الدین جیلانی

دکھا دے شکل نورانی رسول اللہ کے جانی
برائے مصطفےٰ مجکو محی الدین جیلانی

وسیلہ رنج مین غم مین بلا مین اور آفت مین
نہین تیرے سوا مجکو محی الدین جیلانی

فقط درکار ہے تیری فقط در کار ہے تیری
عطا مجکو عطا مجکو محی الدین جیلانی

شریعت کی طریقت کی حقیقت معرفت کی راہ
دکھا مجکو دکھا مجکو محی الدین جیلانی

بلا لے جلد فرحان کو کہین بغداد مین شاہا
نہ اب در در پھرا مجکو محی الدین جیلانی

غزل در تصنیف حضرت سید احمد کبیر عرف حیات قلندر بادشاہ مزار شریف منگرول [illegible]

حبیب خالق اکبر قلندر شاہ منگرولی
محب شافع محشر قلندر شاہ منگرولی

نہ اب در در پھرا مجکو نہ اب وحشی بنا مجکو
نگاہ لطف ہو مجھپر قلندر شاہ منگرولی

تصدق جان ہے تم پر مرا ایمان ہے تم پر
مرے ہادی مرے رہبر قلندر شاہ منگرولی

تری وہ ذات ہے عالی تری درگاہ سے خالی
گیا کوئی نہین پھر کر قلندر شاہ منگرولی

مری مشکل کرو آسان طفیل خالق یزدان
مرا اب حال ہے ابتر قلندر شاہ منگرولی

ثنا خوان آپکا فرحان ہو مشکل سکی آسان
حبیب خالق اکبر قلندر شاہ منگرولی